نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ مئی ۲۰۱۸ء

قیمت:- ۶۵/ روپے

روحانی دنیا

رمضان المبارک

وظائف اعمال ماہ صیام

مقابلہ شمس و زحل

مریخ ۲۰۱۸ء میں

تسدیس

عطارد و مشتری

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2018
ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی خصوصیات
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تاکہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت وشنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ہی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ہیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

منیجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:-/ ۶۵ روپے سالانہ چندہ:-/ ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:-/ ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:-/ ۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:-/ ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ):-/ ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۵

شمارہ نمبر ۱۳

ماہ مئی ۲۰۱۸ء

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	حضرت خواجہ مخدوم الدین سیرانیؒ	۵
۳	رمضان المبارک	۷
۴	تثلیث عطارد و مشتری	۹
۵	صدمات اور تشدد	۱۰
۶	مریخ ۲۰۱۸ میں	۱۲
۷	سالکان طریقت	۱۴
۸	سورتیں اور ان کے فضائل	۱۵
۹	مقابلہ شمس و زحل	۱۶
۱۰	انسانی زندگی کا نصب العین	۱۷
۱۱	کلینڈر ماہ مئی	۱۹
۱۲	کیا آپ کا برج ثور ہے؟	۲۰
۱۳	فالنامہ	۲۲
۱۴	ماہ مئی کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۵	ماہ مئی کے ستارے	۳۴
۱۶	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۷	خلوت غار حرا	۳۹

رابطہ دفتر

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

فون نمبر: 021-34949944
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا، ابراہیم مارکیٹ، پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیاردیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزدُبر یجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ مئی ۲۰۱۸ء

اسرار الٰہی

دائرۂ ادب میں لسان قدرت کہاں مختلف گروہوں پر مسلط ہے- اس فرمان الٰہی کے بعد وقل الحق من ربکم فمن شاء فلیؤ من ومن شاء فلیکفر (سورہ کہف ۲۹) کہہ دیجئے کہ حق تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے انکار کرے- زبان حسن بیان کہاں ظاہر ہوتی ہے اس حسن کلام کے بعد ان اللّٰہ یامربالعدل والاحسان وایتاء ذی القربیٰ وینھی عن الفحشاء والمنکر والبغی (سورہ نحل ۹۰) بے شک اللہ عدل وانصاف اور حسن سلوک اور عزیزوں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور فحش وناپسندیدہ چیزوں اور سرکشی سے روکتا ہے- جاذب (مصور) آئینہ والا کہاں گھات میں لگا ہوا ہے- اس گونج کے بعد یولج اللیل فی النھار ویولج النھار فی اللیل (سورہ حج ۶۰) وہ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور وسخر الشمس والقمر دائبین (سورہ ابراہیم ۳۳) اور اس نے آفتاب وماہتاب کو پے در پے مسخر کر دیا ہے- فلسفہ تقدیر کا دعویدار ظاہری نقوش کے مواد کہاں نکال رہا ہے اس دلیل قوی کے بعد وفی خلقکم ومایبث من دآبۃ آیات لقوم یوقنون (سورہ جاثیہ ۴) تمہاری پیدائش اور جو جانور (زمین میں) پھیلاتا ہے اس میں یقین رکھنے والوں کے لئے نشانیاں ہے- باطل دعویدار کائنات کے حوادث پر کہاں مگن ہے- جس کے نتیجہ میں فعل وتاثیر کا تصور کرتا ہے اس دھچکے کے بعد امن یملك السمع والابصار ومن یخرج الحی من المیت ویخرج المیت من الحی و من یدبرالامر فسیقولون اللّٰہ (سورہ یونس ۳۲) کون سمع وبصر کا مالک ہے اور کون زندہ کو مردے سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور کون تدبیر امور کرتا ہے تو یقیناً جواب دیں گے کہ اللہ-

ذلیل وناہنجار اپنی بیمار فہم میں وعدووعید کی تکذیب کی صحت کا کہاں فیصلہ کرتا ہے اس طمانچہ کے بعد فلم تحاجون فیمالیس لکم بہ علم (سورہ ال عمران ۶۶) تم ان چیزوں میں حجت بازی کیوں کرتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں ماہر فلکیات بروجی میزان کی ترتیب وتقویم کے موقع کی تلاش میں کہاں ہے اس آیت کی کھڑکھڑاہٹ کے بعد والشمس و القمر بحسبان والنجم والشجر یسجدان (سورۂ رحمٰن ۶۰۵) سورج اور چاند حساب سے ہیں اور درخت وستارے سجدہ ریز ہیں- پیمائش کرنے والا خط نسق کو اپنے ملفوف گیند کو متوازن بنانے میں کہاں استعمال کرتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ اسی نے کسی نئی اور پیچیدہ چیز کا انکشاف کیا ہے بعد اس واضع دلیل کے اولم یروا انا ناتی الارض ننقصھا فیھما من اطرافھا (سورہ رعد ۴۱) کیا وہ دیکھتے نہیں کہ ہم زمین کو اس کے اطراف سے کم کرتے آتے ہیں- میزان قطبی کی روش کہاں سیدھی ہوتی ہے جو زمین کے سکون کے سلسلہ اثبات کو جوڑے اس اشارے کے بعد ویوم نسیر الجبال و تری الارض بارزۃ (سورۂ کہف ۴۷) اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور زمین کو بے حجاب دیکھو گے کہاں قانونی طبیعت کے مطابق فیصلہ کیا جاتا ہے- چنانچہ آبی حسن ودلکشی اکثر واعظین کی زبان سے لے کر ان عبارتوں تک پر چڑھا ہوتا ہے اور وہ اپنے خیالی مضامین کو پرزور انداز سے پیش کرتے ہیں اس اعلان کے بعد وارسلنا الریاح لواقح فانزلنا من السماء ماء فاسقینا کموہ وما انتم لہ بخازنین (سورہ حجر ۲۲)-

حضرت کاش البرنیؒ

تازہ خواہی داشتن گرد اغہائے سینہ را
گاہے گاہے باز خواں ایں قصہ پارینہ را

آپ مجسمہ ہمہ صفت واخلاق تھے۔ مذہبی حیثیت سے فقیر دوست بزرگ تھے۔ وہ ایک جلیل القدر ہستی تھے۔ علمی وروحانی امور میں انہوں نے عوام الناس کی جو خدمت کی ہے وہ رہتی دنیا تک یاد رہے گی اور ایسی بے لوث خدمت بھی انہیں ہی زیبا تھی۔

برنی صاحبؒ لاکھوں صفات کے مالک تھے صبر شکن واقعات میں بھی ماتھے پر کبھی شکن نہ آتی تھی۔ زندگی میں بڑے نقصان بھی اٹھائے، کبھی شکایت نہ کی، بلکہ شکایت کو سخت ناپسند کرتے تھے۔ صبر وضبط یہ دو خاص وصف تھے جو ایک بار پاس بیٹھ گیا مداح ہو گیا اور ساری عمر ملتا رہا۔ لوگ پریشان حال آتے اور جب ان کے پاس سے اٹھ کر جاتے تو بے حد مطمئن اور پُرسکون ہوتے۔ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد ان سے فیضاب ہوئے اور آج تک ان کی دی ہوئی تحریر اور نقوش کو سنبھال کر رکھا ہوا ہے۔

ان کے مضامین اور ان کی نایاب کتب کا مطالعہ کریں تو ان کی بے اندازہ خوبیوں، ذہانت، برجستگی تحریر اور علمی استعداد کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ کھانے پینے کے معاملے میں بے حد سادگی پسند تھے۔ ساری زندگی کسی سے اپنا کام نہ کرایا۔ اور آخری وقت میں بھی کسی سے خدمت نہ لی اور کسی کو تکلیف نہ دی۔ زندگی میں انہیں حضرت ابوبکر صدیقؓ سے بے حد عقیدت تھی۔ شاید اسی لئے دنیا سے رخصت ہونے کے لئے بھی یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ یعنی ۲۲ جمادی الثانی کا انتخاب کیا۔

آج کا روحانی دنیا آپ کے فیض سے ہی جاری ہے۔ دعا ہے کہ آپ کا یہ زندہ فیض تا قیامت جاری رہے اور دعا کیجئے کہ آپ اور ہم سب مل کر جناب کاش البرنیؒ صاحب کے لگائے ہوئے اس درخت کو محبت وعقیدت کے خون سے سینچتے رہیں تا کہ یہ دنیاوی حوادث میں بھی سرسبز وشاداب رہے اور اس کے سایہ میں ضرورت مند آرام وراحت حاصل کریں۔

نام نیک رفتگان ضائع مکن
تا بماند نام نیکت روزگار

آیئے ۸ مئی کو ہم سب مل کر ہماری والدہ اور والد جناب حضرت کاش البرنیؒ صاحب کی روح کو فاتحہ پڑھ کر ثواب بخشیں اور رسالہ کی اشاعت میں توسیع کر کے آپ کے فیض کو دور دور تک پہنچائیں تا کہ آپ کی روح ہمارے نیک کام سے خوش ہو اور خداوند کریم ہمارے دلی خلوص سے خوش ہو کر ہمیں دنیا وآخرت کی راحتیں عطا فرمائے۔ آمین ثمہ آمین

دعاؤں کی طلب گار
حارث عثمانی البرنی

حضرت خواجہ محکم الدین سیرانی رح

عہد شباب میں ایک کنیز سے عشق ہوگیا اور اس کو حاصل کرنے کے لئے نیشا پور جا کر ایک جادوگر سے ملاقات کی- لیکن اس نے یہ شرط لگادی کہ چالیس یوم عبادت کو ترک کر کے میرے پاس آنا- چنانچہ اس کی ہدایت پر عمل کرنے کے بعد جب اس کے پاس پہنچے تو اس نے طرح طرح کے جادو شروع کئے- مگر ایک بھی کارگر نہ ہوسکا- اور جب اس نے کہا کہ اس چالیس یوم میں تم نے ضرور کوئی نیک عمل کیا ہے تو آپ نے فرمایا کہ میں نے تو کوئی ایسا عمل نہیں کیا البتہ اتنا ضرور ہوا کہ راستہ میں پڑے ہوئے پتھر وغیرہ اٹھا کر اس نیت سے پھینک دیتا تھا کہ کسی کو ٹھوکر نہ لگے- یہ سن کر جادوگر نے کہا کہ کس قدر افسوس ناک ہے یہ بات کہ آپ خدا کی عبادت سے گریزاں ہیں جس نے معمولی سی نیکی کو وہ قبولیت عطا کی کہ میرے تمام جادو ناکام ہو کر رہ گئے-

آپ نے اسی وقت توبہ کر کے اللہ کی عبادت شروع کردی- آپ کو حداد اس لئے کہا جاتا کہ آپ لوہار کا کام کرتے تھے- آپ نے اپنا قصہ پوشیدہ رکھا- آپ ہر روز ایک دینار کماتے تھے اور رات کو فقراء میں تقسیم کردیتے تھے اور بیوہ عورتوں کے گھروں میں پھینک آتے تھے- اس طرح کہ ان کو خبر بھی نہ ہوتی تھی-

کبھی کبھی ترکاری دھونے والے حوض پر جاتے اور جو کچھ سبزی فروشوں کا اس میں بچا کچا ہوتا- وہ نکال لیتے تھے اور دھو کر اپنے لئے پکا لیتے اور اسی سے روٹی کے ساتھ روزہ افطار کرتے- ایک عرصہ تک آپ اسی طرح بسر کرتے رہے- یہاں تک کہ ایک دن ایک اندھا بازار میں یہ آیت پڑھتا تھا-

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ o بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o وَبَدَا لَھُمْ مِنَ اللّٰہِ مَالَمْ یَکُنْ نُوا یَحْتَسِبُوْنَ o

یعنی من جانب اللہ ان پر وہ بات ظاہر ہوگئی جس کا کسی کو علم نہ تھا-

آپ اس آیت کے سننے میں مشغول ہوگئے اور آپ پر ایک کیفیت طاری ہوگئی اس عالم بے خودی میں آپ نے اپنا ہاتھ بھٹی میں ڈال دیا اور گرم گرم لوہا باہر نکال کر سندان پر رکھ دیا- شاگردوں نے جب دیکھا تو کہا استاد یہ کیا حالت ہے آپ نے آواز دی کہ ''ہاں'' اسے ضرب لگاؤ' انہوں نے کہا کہاں کوٹیں- جب آپ ہوش میں آئے تو آپ دیکھتے ہوئے لوہے کو اپنے ہاتھ میں دیکھا تو اسی وقت پھینک دیا اور اپنی دکان لٹا دی- اور کہا میں نے بہت دفعہ چاہا کہ اس کام کو چھوڑ دوں مگر نہ چھوڑا- یہاں تک کہ اس کام نے مجھ پر حملہ کیا اور مجھ کو مجھ سے چھین لیا- پھر آپ سخت ریاضت میں مشغول ہوگئے اور مراقبت وعزت اختیار کی لوگ آپ کی ہمسائیگی میں احادیث شریف سنا کرتے تھے- انہوں نے آپ سے کہا ''اے شیخ آپ کیوں نہیں آتے تا کہ آپ بھی سنیں آپ نے فرمایا تیس سال ہونے کو آئے ہیں میں چاہتا ہوں کہ ایک حدیث پر عمل کروں- لیکن نہیں کرسکتا ہوں اور اس حالت میں دوسری حدیث کیسے سنوں- انہوں نے کہا وہ کونسی حدیث ہے آپ نے فرمایا اسلام کی خوبی یہ ہے کہ جو چیزیں اس کی کارآمد نہ ہوں انہیں ترک کردے-

ایک مرتبہ چند ساتھیوں کے ہمراہ جنگل میں جا کر ذکر الٰہی سے مستغرق ہوگئے- تو وہاں ایک ہرن آ کر آپ کی آغوش میں لیٹنے لگا- یہ دیکھ کر آپ رونے لگے اور وہ ہرن بھاگ گیا- پھر جب ساتھیوں نے ہرن کے آغوش میں لوٹنے کا سبب پوچھا تو فرمایا کہ مجھے یہ خیال آ گیا تھا کہ اگر اس وقت کہیں سے بکری مل جاتی تو میں ساتھیوں کی دعوت کرتا- لہذا بکری کے بجائے وہ ہرن میری آغوش میں آ گیا- پھر لوگوں نے رونے کا سبب پوچھا تو فرمایا کہ ہرن کی آمد مجھے اللہ کی بارگاہ سے دور کرنے کے لئے تھی- کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ فرعون کی بھلائی چاہتا تو خود اس کی خواہش پر دریائے نیل جاری نہ کرتا-

ایک دفعہ آپ بیابان کی طرف تشریف لے گئے اس بیابان جنگل میں پانی کہیں دستیاب نہ ہوسکا- ایک دن دیکھ کر پانی کے کنارے خاموش بیٹھ گئے- دریں اثنا حضرت ابوتراب بخشیؒ وہاں پہنچے اور خاموشی اور پریشانی کا سبب پوچھا تو فرمایا کہ آج سولہ یوم کے بعد پانی میسر آیا ہے اور اس علم و یقین میں مناظرہ ہو رہا ہے اگر علم کو غلبہ حاصل ہوگیا تو پانی پی لوں گا اور اگر یقین غالب آ گیا تو پانی پیئے بغیر آگے روانہ ہوجاؤں گا- انہوں نے جواب دیا کہ یہ مراتب تو آپ ہی جیسے لوگوں کے ہوسکتے ہیں-

عالم غضب میں بھی آپ خوشی خلقی سے پیش آتے تھے اور جب غصہ ختم ہوجاتا اس وقت دوسری باتیں کرتے تھے- حضرت عثمان حیری (آپ کے مرید اور شاگرد تھے) روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ آپ کی خدمت میں پہنچا تو آپ کے سامنے منقیٰ کے دانے رکھے ہوئے تھے- چنانچہ میں نے اس سے ایک اٹھا کر رکھ لیا- لیکن آپ نے میرا رخسار دباتے ہوئے پوچھا- تم نے بلا اجازت منقیٰ کیوں کھایا- میں نے عرض کیا کہ مجھے آپ کی فراغ دلی کے علم ہے کہ جو کچھ بھی ہوتا ہے آپ فقراء میں تقسیم کردیتے ہیں- اس لئے میں نے منقیٰ کھایا- آپ نے فرمایا کہ جب مجھے خود اپنے دل کا حال معلوم نہیں تو پھر مجھ کو کیسے معلوم ہوسکتا ہے-

حضرت ابوعثمان حیری کہا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ میں وعظ گوئی کا ارادہ رکھتا ہوں کیونکہ مجھے مخلوق سے اس قدر محبت ہے کہ

میں ان کے بدلے میں جہنم جانا پسند کرتا ہوں- آپ نے فرمایا کہ پہلے اپنے نفس کو نصیحت کرلو پھر مخلوق کو نصیحت کرنا جب تمہارے وعظ میں عظیم اجتماع ہونے لگے تو غرور ہرگز نہ کرنا کیونکہ مخلوق ظاہر کو اور اللہ تعالیٰ باطن کو دیکھتا ہے-

چنانچہ جس وقت میں نے برسر منبر وعظ کہنا شروع کیا تو حضرت خود بھی چھپ کر ایک کونے میں بیٹھ گئے اور وعظ کے اختتام پر جب ایک شخص نے لباس کا سوال کیا تو میں نے اپنا لباس اتار کر دے دیا- اس وقت آپ نے سامنے آ کر فرمایا کہ اے جھوٹے منبر سے اتر جا کیوں کہ تُو تو مخلوق کی محبت کا دعویدار ہے اور سائل کے سوال پر سب سے پہلے تو نے اپنا لباس اتار کر دے دیا- حالانکہ محبت کا تقاضا یہ تھا کہ دوسروں کو سبقت کا موقع دیتا تا کہ وہ تجھ سے زیادہ ثواب حاصل کر سکتے-

جب سفر حج کے دوران بغداد پہنچے تو ایسی فصاحت کے ساتھ عربی میں گفتگو کی کہ اہل زبان دنگ رہ گئے حالانکہ آپ فارس کے رہنے والے تھے اور عربی زبان سے قطعاً ناواقف تھے- ایک مرتبہ حضرت شیخ جنید بغدادی سے آپ نے فتوت کا مفہوم پوچھا تو فرمایا کہ اچھے کام کو نہ تو کسی پر ظاہر کرو اور نہ اپنی جانب اس کو منسوب کرو- آپ نے فرمایا کہ میرے نزدیک ایک تو فتوت کا مفہوم یہ ہے کہ خود انصاف کر کے دوسرے سے انصاف کے طالب نہ ہو یہ سن کر حضرت شیخ جنید بغدادیؒ نے اہل مجلس سے فرمایا کہ آج سے اسی پر عمل کرو- آپ نے فرمایا کہ تم خود بھی اس پر عمل کرو- حضرت جنید سے فرمایا کہ واقعی شجاعت اسی کا نام ہے مکہ معظمہ میں فقراء کو زبوں حالی میں دیکھ کر آپ کو ان کی اعانت کا خیال آیا- لیکن پاس ایک کوڑی نہیں تھی- چنانچہ آپ نے ایک پتھر اٹھا کر اللہ تعالیٰ سے عرض کیا کہ اگر آج تو نے مجھے کچھ عنایت نہ کیا تو خانہ کعبہ کی تمام قندیلیں اس پتھر سے توڑ دوں گا- اسی وقت کسی نے روپوں سے بھری ہوئی تھیلی پیش کی اور تمام رقم آپ نے فقراء میں تقسیم کر دی اور فراغت حج کے بعد جب بغداد پہنچے تو حضرت بغدادی نے سوال کیا کہ ہمارے لئے تحفہ لائے ہو؟ فرمایا کہ یہ تحفہ لایا ہوں کہ اگر کوئی شخص تمہارا قصوروار ہو تو اس کو اپنا ہی قصور تصور کرو اور اگر نفس اس پر مطمئن نہ ہو تو اس کو متنبہ کر دو کہ اگر تو اپنے بھائی کا قصور معاف نہ کرے تو میں تجھے چھوڑ دوں گا اور بالجبر نفس اس کے قصور کو معاف کراؤ- انہوں نے فرمایا کہ یہ مراتب تو اللہ نے آپ کو ہی عطا کئے ہیں-

آپ کا ایک ارادت مند بہت ہی مودب اور تہذیب تھا اور جب حضرت جنید نے پوچھا کہ یہ کتنے عرصہ سے آپ کے پاس ہے تو فرمایا کہ دس سال سے اور میرے پاس رہ کر اس نے اپنے ذاتی ستر ہزار دینار اور ستر ہزار دینار قرض لے کر خرچ کئے ہیں جن کی ادائیگی ابھی تک نہیں ہو سکی- لیکن اس میں اتنی جرات نہیں کہ میری رائے معلوم کر سکے-

کوئی رعب کی وجہ سے بات نہیں کر سکتا اور اس وقت مودبانہ ہاتھ باندھے کھڑے رہتے- جب تک آپ بیٹھنے کی اجازت نہ دے ایک مرتبہ حضرت شیخ جنید نے کہا کہ آپ تو مریدین کو آداب شاہی سے روشناس کراتے ہیں- آپ نے جواب دیا کہ سرنامہ دیکھ کر ہی خط کا مضمون ظاہر ہو جائے- پھر حضرت جنید سے کہا کہ زیربا اور حلوہ تیار کرواؤ- (زیربا ایک قسم کا کھانا ہوتا ہے) چنانچہ جب دونوں اشیاء تیار ہو گئیں تو حکم دیا کہ ایک مزدور کو سر پر رکھ کر ہدایت کر دو کہ جب تک تھک نہ جائے چلتا رہے اور جب آگے چلنے کی ہمت نہ رہے تو قریبی مکان کے دروازے پر آواز دے کر وہاں یہ دونوں چیزیں دے آئے- چنانچہ آپ کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ایک مرید کو مزدور کے ہمراہ کر دیا اور جب مزدور قطعی تھک گیا تو ایک دروازے پر دستک دی اندر سے آواز آئی کہ اگر زیرباد اور حلوہ دونوں چیزیں ہوں تو میں باہر آؤں اور پھر اندر سے ایک ضعیف آدمی باہر آئے اور دونوں چیزیں لے لیں اور جو مرید مزدور کے ہمراہ تھے اس نے حیرت زدہ ہو کر ان بزرگ سے واقعہ کی نوعیت پوچھی تو انہوں نے فرمایا کہ کافی دنوں سے میرے بچے ان دونوں کھانوں کی فرمائش کر رہے تھے لیکن میں نے اللہ تعالیٰ سے اس لئے طلب نہیں کیا کہ وہ خود ہی بھیج دے گا- حضرت شیخ شبلیؒ کے یہاں آپ چار ماہ مہمان رہے اور ہر دن مختلف طریقوں سے آپ کی ضیافت کا اہتمام کیا جاتا تھا- لیکن رخصت ہوتے وقت آپ نے ان سے کہا کہ جب کبھی آپ نیشا پور آئیں گے اس وقت میں آپ کو آداب مہمانی سے آگاہ کروں گا کیوں کہ مہمان کے لئے تکلیف بہتر نہیں بلکہ ایسا سلوک کیا جانا چاہئے کہ مہمان کی آمد سے غم اور جانے سے مسرت نہ ہو-

چنانچہ جس وقت حضرت شبلیؒ نیشا پور پہنچے تو انتالیس افراد آپ کے ساتھ تھے- اس دن حضرت ابوحفص حدادؒ نے اپنے یہاں چالیس اکتالیس شمعیں جلائیں- حضرت شبلی نے کہا کہ تکلف بے جا کیوں کر رہے ہیں تو فرمایا کہ اگر تمہارے نزدیک یہ تکلفات میں داخل ہے تو تمام شمعوں کو بجھا دو- چنانچہ سعی بسیار کے باوجود ایک کے علاوہ کوئی شمع بھی نہ بجھ سکی- اس وقت آپ نے فرمایا کہ چونکہ مہمان اللہ کا بھیجا ہوا ہوتا ہے اس لئے میں نے اللہ کی رضا کے لئے ہر مہمان کے نام پر ایک شمع روشن کی اور ایک شمع اپنے نام پر جلالی چنانچہ میرے نام کی شمع تو اس لئے بجھ گئی کہ وہ اللہ کی رضا کے لئے نہیں تھی باقی چالیس شمعیں جو اس نام پر روشن کی گئی تھیں- وہ نہیں بجھ سکیں اور بغداد میں جو کچھ تکلفات تم نے کئے وہ صرف میرے لئے تھے- اس لئے اس کو تکلیف کا نام دیا جائے گا اور میں نے جو کچھ کیا وہ صرف رضا الٰہی کے لئے کیا اس لئے اس کو تکلف نہیں کہا جا سکتا-

حضرت ابوعلی ثقفیؒ سے روایت ہے کہ آپ کا یہ قول تھا کہ اتباع سنت اور خود کو برا تصور کرنے والا مرد نہیں ہوتا کسی نے سوال کیا کہ ولی کا خاموش رہنا بہتر ہے یا گفتگو کرنا؟ فرمایا کہ گفتگو کرنا باعث تباہی اور خاموشی کے لئے عمر نوح درکار ہے- فرمایا کہ درویش وہ ہے جو کثرت عبادت کے باوجود بھی عجز کا اظہار کرتا رہے- فرمایا کہ بہترین ہیں وہ لوگ جو لوگوں پر نوازش کرتے رہیں- اور خود اللہ کے کرم کے طلب گار ہیں اور اتباع سنت کے بعد حلال رزق کی جستجو کریں- فرمایا کہ وہ ایک لحہ بہت بہتر ہے جو خدا تک پہنچا دے- فرمایا کہ وہ شخص اندھا ہے جو صنعت کو دیکھ کر مصنوع کو پہنچانتا ہے اور مصنوع سے صنعت کو نہیں پہنچانتا- فرمایا کہ اللہ کا در پکڑنے والوں پر تمام در کھل جاتے ہیں اور سردار انبیاء حضور اکرم ﷺ کی اتباع سے تمام سردار فرنبردار ہو جاتے ہیں-

رمضان المبارک

وظائف اعمال ماہ صیام



یا خدا بخشد ے ہم کو ماہ رمضان کی طفیل
مقتدی ہم ہیں برے پر یہ امام اچھا ہے

۱: چاند دیکھ کر سورۂ محمد پڑھنا۔ بادشاہ یا تلوار یا باغ سبزہ زار اور اپنے عیال واطفال پر للّٰہ الحمد کہہ کر نظر ڈالنا مبارک ہے۔

۲: عارف باللہ عزہ صیام دیکھتے ہی سورۃ فتح پڑھتے ہیں۔ تمام سال فراخدلی سے لنگر چلاتے ہیں۔ اگر اتنی ہمت نہ ہو تو عبادت وریاضت اور ہمدردی صیام وتلاوت و قیام میں پوری طرح مشغول ہو جانا چاہئے۔

۳: اور ہر شب اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ قَرِیْبًا تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَاعَفُوُّ یَاغَفُوْرُ بہت کثرت سے پڑھنا چاہئے۔ خداوند کریم گناہوں سے معصوم وپاک رکھے گا۔

۴: ہر رات کو آسمان دیکھتے ہوئے یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ رَبَّنَاءَ مَاخَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَکَ فَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّار پڑھنا چاہئے۔

۵: چاند دیکھتے ہی اللہ اکبر اللہ اکبر پڑھنا اور سورہ فاتحہ ۷ بار پڑھ کر دعا کر لینا اور عقیق یا فیروزہ یا جو اپنے ستارے کے موافق نگینہ ہو اس پر نظر کرنا بھی مفید ہے۔

ایک نادر عمل فتوحات ومسخرات

ہلال رمضان دیکھ کر کہو یا اسرافیل ویا میکائیل ویاستار یاغفار اپنا مطلب دل میں رکھ کر سات بار ورد کرو۔ بعد دعا کرو تاریخ ہفتم تک ناغہ نہ کرو چاروں سمت سے دریائے فتوحات وبرکات کھل جائیں گے۔ اگر اس کے بعد ہمیشہ ہر ماہ چاند کے پہلے سات دنوں میں ایسا عمل کیا جائے تو دوسرے رمضان چاند تک چلہ پورا ہو جاتا ہے۔ اس کی برکت سے خدا غنی کرتا ہے۔ دولت بیحد بخشتا ہے۔ اگر امور شرعی میں حق حقوق میں پابندی رکھے تو لنگر جاری کرے۔

روشن ضمیری

اول روزے سے ساتویں تک پابندی نماز پنجگانہ باجماعت پر مستعد ہو کر (باپرہیز) بعد فراغ نماز بلاکلام وشغل غیرے اسمائے یَاھَادِیُ یَاخَبِیْرُ یَامَتِیْنُ یَاعَلَّامُ الْغُیُوْبِ ہزار مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں جاکر اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ تین بار پڑھ لے۔ پس اس شخص پر آسمان و زمین کے خزانے باذن اللہ تعالیٰ کھل جائیں گے اور سائلین کے غلوں کے بھید بلاسوال بتلانے پر قادر ہوگا اور اگر تمام ماہ مکمل صیام قیام سے یعنی تین ہفتے ریاضت پوری کرے تو زمین و آسمان کے ملک منکشف ہو جائیں گے۔ بہت دور دور کی خبریں گویا قلب پر وائرلیس کی مانند آئیں گی۔

ترقی رزق وبرکت کے لئے

اللّٰہُ لطیفٌ

۴۳۰	۴۲۵	۴۳۲
۴۳۱	۴۲۹	۴۲۷
۴۲۶	۴۲۳	۴۲۸

بعبارہ یرزق — الغنی العلوی

من یشاء وُھو

ماہ رمضان کے چودھویں روز سے اگر جمعرات یا جمعہ ہو جائے تو طلائی پر یہ نقش کندہ کر کے انگوٹھی میں محفوظ رکھے رزق وروزی میں بے اندازہ برکت وترقی ہو اور جملہ بلیات ومصائب سے محفوظ رہے اس سے عمل استخارہ میں بڑی مدد ملتی رہے۔ یہ نقش خزانہ ربی کی کلید ہے۔ دست غیب کی قوی امید ہے۔

نوچندی جمعرات ماہ رمضان المبارک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الام ص ل دال م را

۸۴۶	۸۴۹	۸۵۲	۸۳۸
۸۵۱	۸۳۹	۸۴۵	۸۵۰
۸۴۰	۸۵۴	۸۴۷	۸۴۴
۸۴۸	۸۴۳	۸۴۱	۸۵۳



بہ نیت تسخیر خلائق مربع مقطعات قرآنی جس کے چاروں طرف مقطعات بھی تحریر ہوں ہرن کی جھلی کوری پر گلاب زعفران و مشک و کافور سے لکھ کر معطر کر کے پاس رکھا جائے تو تمام عملے کے حکام مسخر ہو جاتے ہیں۔

اول جمعہ ماہ رمضان المبارک

بے فنائے خود میسر نیست دیدار شما
میفروشد خویش را ارزاں خریدار شما

شب جمعہ اول ماہ رمضان المبارک بعد غسل ولباس طاہرہ بعد نماز عشاء ۱۲ رکعت نفل دوگانہ ادا کر کے ہر رکعت میں اخلاص وکوثر ہو۔ بعد سورۃ مزمل شریف پڑھے اور درود شریف جو یاد ہو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پاک بستر پر سو جائے تو جمال پاک مصطفوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے مشرف و مفتخر ہو۔

یا رسول اللہ انظر حالنا
یا حبیب اللہ اسمع قالنا
اننی فی بحر دھم مغرقاً
خذبید فسھل اشکالنا

ماہ رمضان شریف کا شرف قمر

جو بتاریخ ۱۰ جون کو ۱۲ بجکر ۳۲ منٹ دوپہر پر ہوگا۔ جس قدر ہو سکے مثلث آبی با زعفران و گلاب لکھ کر محفوظ رکھ دیئے جائیں تو شفائے بیماراں کے لئے مکمل و موثر ہیں بخار والے کو پانی یا شربت میں گھول کر تین دن تک پلائیں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

ایام بیض ماہ رمضان شریف

دعائے مجیرا اگر ماہ رمضان المبارک ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ میں پڑھ لے تو جملہ گناہوں کی معافی جمیع آفات سے تحفظ، قرضہ سے نجات بیماری سے شفا، قیدی کی رہائی ہو۔ حکام میں عزت و آبرو، عہدہ میں ترقی، کمائی میں خیر و برکت ہو تمام غم واندوہ اور دشمنوں ظالموں، جابروں سے مخلص ہو جاتی ہے۔

سُبْحَانَكَ يَا اللّٰهُ تَعَالِيْتُ يَارَحمٰن اَجِرنَا مِنَ النَّار يَامُجِيْرَ - سَبْحَانَكَ يَارَحِيْمُ تَعَالِيْتُ يَاكَرِيْمُ اَجِرْنَا مِنَ النَّار يامُجِيْرُ -

سال بھر میں صرف سہ یومہ قلیل ریاضت سے کثیر فوائد ہیں۔ ہر نماز کے بعد جتنا ورد کر سکتے ہو کرو۔ عشاء کے بعد کثرت سے ریاضت کرو۔

دیگر - شب بدر ماہ رمضان شریف میں آیت قطب کے اعداد ۲۴۰۳۹۰ کا نقش معشر ورنہ مخمس سفید اصلی ریشم کے کپڑے پر

گلاب، زعفران، مشک، کافور سے با شرائط قواعد عملیات لکھے اور چاروں طرف آیات قطب معہ اس کے موکل لکھے بخور معطر کر کے ہرن کے سفید مدبوغہ چرم میں تعویذ بنا کر پاس محفوظ رکھے۔ تو کایا پلٹ جائے۔ تمام نکبتیں سعادتوں سے بدل جائیں۔ تجربۃً باغ میں کسی بے ثمر درخت سے باندھ دے تو اس سال سب درختوں پر فوق برکات نشو نما پائے۔ ضعیف و ناتواں ہو تو لطف جوانی اٹھائے۔ دعائیں عبادات قبول ہوں۔ دشمن بھی دوست بن جائیں۔ غرضیکہ دنیا و آخرت کی بہبودی نصیب ہو عجیب اسرار مخفی راز ہائے پوشیدہ اس میں مضمر ہیں جن کا علم مشائخین اہل باطن ہی خوب جانتے ہیں۔

اعمال جمعۃ الوداع ماہ رمضان

جمعہ الوداع کی صبح بعد نماز فجر عمدہ خالص روغن چنبیلی پر اول آخر درود شریف ۷ بار سورہ و العادیات ۷ بار دم کر کے محفوظ رکھا جائے تو جملہ قسم درد اعضاء نزلہ و درد سر پر استعمال کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

ایضاً آیت وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الارضِ وَ جَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ

۷۸۶



۷۸۶

۷ فیھا معایش	۱۳ وجعلنا لکم	۱۹ فی الارض	۲۵ ملکنکم	۱ ولقد
۲۰ ۱۱۲۳	۲۱ ۱۶۶	۲ ۱۴۱	۸ ۵۱۸	۱۴ ۲۵۱
۳ ۱۴۲	۹ ۵۱۹	۱۵ ۲۵۲	۱۶ ۱۱۱۹	۲۲ ۱۶۷
۱۱ ۲۴۸	۱۷ ۱۱۲۰	۲۳ ۱۶۸	۴ ۱۴۳	۱۰ ۵۳
۱۴ ۱۲۹	۵ ۱۴۴	۶ ۵۱۶	۱۲ ۲۴۹	۱۸ ۱۱۲۱

کاذوالکتابت مخمس یا مربع یا مثلث لکھ کر گلاب زعفران مشک سے ہرن کی جھلی پر باشرائط لکھ کر اپنی تجارتی متاع میں محفوظ رکھے تو قدرت کاملہ سے بے انتہا خیرو برکت دے' صاحب نصاب وزکوٰۃ ہوجائے تجارت پیشہ اصحاب کو' قرضدار کو' بے برکت گھر کو ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔ فی الوقع نہایت موثر و مجرب المجرب عمل ہے۔ اگر صدف صادق پر کندہ کرے تو اور بہتر ہوگا۔

نوافل شب قدر

۲۷ ماہ رمضان شریف ۴ رکعت پڑھے ہر رکعت میں سورۃ قدر ایک بار' اخلاص ۲۷ بار' کل گناہ بخشے جائیں اور جنت نصیب ہو۔ حضرت مولائی امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ شب قدر میں دوگانہ نماز ہو۔ ہر رکعت میں سورہ قدر ایک بار اور اخلاص ۱۰۰ مرتبہ ہو۔ بعد فراغت درود شریف بکثرت ہو تو بے انتہا ثواب پائے۔

۲۳ رمضان شریف کو سورہ عنکبوت و سورہ روم جس کے اول و آخر درود شریف ۳ بار ہو۔ پڑھ کر روح پرفتوح حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پر ہدیہ کرے۔ خیرو برکت دارین نصیب ہو اور نار جہنم سے نجاب پائے۔ یہ معمول صحابہ کرام و جملہ اولیا اللہ کا ہے۔

برنی روزانہ کوا کبی گائیڈ
۲۰۱۸ میں سال کے
سارے عملیات کے
اوقات دیئے جاتے ہیں
اپنا آڈر لکھوائیں

تثلیث عطارد و مشتری

یہ وقت ۱۹/۲۰ جون کو نصف شب ۱۲ بجکر ۴۲ منٹ پر ہوگا۔ یہ وقت بے حد سعد ہے۔ یہ وقت حصول علم و کامیابی امتحان' رکاوٹ' شادی بیاہ' ترقی نہ ہونا' حصول ملازمت یا ملازمت میں سعی کا قبول نہ ہونا۔ (بشرطیکہ ملازمت ٹرانسپورٹ یا نوشت و خواند سے متعلق ہو) ان تمام امور کے لئے یہ وقت پرتاثیر ہے اور اس وقت کی روحانیت سے فائدہ اٹھا کر مقاصد حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ نام طالب معہ والدہ کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں۔ پھر اس میں مطلوب کے اعداد بھی شامل کریں۔ مطلوب اگر افسر ہے تو اس کا نام معہ عہدہ لیں اور اگر ترقی ملازمت وغیرہ کوئی مطلوب ہے تو اس کے اعداد لیں اور کل اعداد جمع کر کے اس میں ۳۵ عدد کا اضافہ کردیں اور ۳ مربع نقش پر کریں پہلے دو لکھے ہوئے دریا میں بہادیں۔ گولیاں بنانے کی ضرورت نہیں۔ تیسرا نقش معطر کر کے موم جامہ کر کے سیدھے بازوں پر باندھ لیں اور نیاز حسب توفیق حضرت خواجہ خضر اور رسول خدا ﷺ کی دلائیں۔ انشاء اللہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

مثال:_ طالب احمد دین' مطلوب ترقی' احمد دین کے اعداد ۱۱۷ ہوئے۔ مطلوب <ترقی> ہے۔ اس کے اعداد ۷۱۰ ہوئے۔ ۳۵ عدد قانون کے اور جمع کئے تو کل اعداد ۸۶۲ ہوئے جس کا نقش یہ بنا۔

۷۸۶

۲۱۵	۲۱۸	۲۲۱	۲۰۸
۲۲۰	۲۰۹	۲۱۴	۲۱۹
۲۱۰	۲۲۳	۲۱۶	۲۱۳
۲۱۷	۲۱۲	۲۱۱	۲۲۲

اس نقش کی چال یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۲	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ نقش آتشی چال کا ہے۔ ہر شخص اپنے نام کے حروف اول کے عنصر کے مطابق نقش پر کرے۔ نقش پر کرنے کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ کل تعداد سے ۳۰ تفریق کریں۔ باقی کو ۴ پر تقسیم کریں جو حاصل قسمت ہوا سے خانہ نمبرا میں رکھ کر نقش کو چال کے مطابق پر کریں۔

اس مثال میں کل اعداد ۸۶۲ میں سے ۳۰ منہا کئے تو باقی ۸۳۲ بچے اسے ۴ پر تقسیم کیا تو ۲۰۸ خارج قسمت ہوا۔ اسے خانہ اول میں رکھ کر ترتیب وار خانوں میں لکھتے گئے۔ نقش پر ہوگیا۔ بعض اوقات ۴ پر تقسیم کرنے سے کچھ اعداد باقی بچ رہتے ہیں اگر ایک باقی بچے تو خانہ ۱۳ میں ایک کا اضافہ کردیں۔ اگر باقی ۲ بچے تو خانہ ۹ میں۔ باقی ۳ ہوں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کردیں۔ نقش پر ہوجائے گا۔

جو شخص بھی اپنے لئے یہ عمل تیار کرے اپنے نام کے حرف اول کے عنصر کے مطابق نقش پر کرے۔ اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو خط لکھ کر دریافت کرلیں۔ نقش کا ہدیہ ۱۰۷۶/- روپے ہوگا اور ۱۵ دن قبل لکھیں۔

علم نجوم کی رو سے ایک نیا نقطہ نظر

صدمات اور تشدد

گولی سے اڑا دینا' مسلح ڈاکے' اغوا' زبردستی آبروزی' قتل یہ تمام وارداتیں جرائم کے بڑھتے ہوئے رجحان کی طرف ہیں کیوں؟ آپ اپنے آپ سے سوال کر سکتے ہیں اور کوئی بھی اس کا جواب اطمینان بخش طریقہ سے نہ دے سکے گا- شاید اس کے جواب کا تعلق مستقبل سے ہوتا ہے- لیکن اس تعلق کو ماضی کی تاریخ عمدہ طریقہ سے بیان کرتی ہے-

لیکن ہم تو اس دور میں رہ رہے ہیں کہ ہم باڈی گارڈ تو رکھ نہیں سکتے - جو ہماری ہر لمحہ حفاظت کر سکے- کیا کوئی اور طریقہ ہے کہ ہر پاکستانی اپنا تحفظ کر سکے اور وہ صدمات سے بچ سکے- یا تحفظ کے لئے اچھے تالے خرید سکے اور اس بات کا مطالعہ کر سکے کہ کون مدد کیلئے پکارتا ہے یا ہر مشکل کا مقابلہ کر سکے- اس سلسلہ میں نجوم کچھ مدد کرتا ہے-

ہر برج ایک خاص قسم کی صدمات کی رد رکھتا ہے اور خطرہ کے وقت وہ ایک خاص قسم کی خواختیار کر لیتا ہے- ان خصائل کو جاننا ہی اپنے آپ کو خطرات سے محفوظ رکھنے کا طریقہ ہے- لہذا صدمات و تشدد کے اندیشوں کو کم از کم کیا جا سکتا ہے- اپنے شمسی برج کا مطالع کریں اور جو مشورہ دیا گیا ہے اس کو بھی سمجھیں-

برج حمل ♈

آپ کا برج آتشی ہے جس کا حاکم ستارہ مریخ ہے- لہذا آپ فسادات میں اس قسم کا اثر قبول کرنیوالے ہیں- جس میں آگ لگتی ہے اور آلات سے کاٹنا ہوتا ہے- لہذا وہ شخص ایسا ہی ہوگا جو بغیر سامنے آئے ہوئے آپ کو زخمی کرے گا- وحشی یا وہ جو آپ سے کسی قسم کی پُرخاش رکھتا ہوگا- وہ آگ لگا دے گا- وہ شخص جو آپ پر حملہ کرے گا- وہ چاقو یا چھرا کو استعمال میں لائے گا- لہذا آپ کا اولین کام یہ ہونا چاہئے کہ گھر یا کاروباری ادارے کے نزدیک جو بھی فائر اسٹیشن ہو اس کا اس کا نمبر نوٹ کر کے رکھیں-

ذاتی طور پر حملہ اس وقت ہوگا جس وقت آپ غصہ میں ہوں یا جھگڑا کریں اور دوسرا آپے سے باہر ہو جائے یا پھر اتفاقاً بھی حادثہ ہو سکتا ہے- پہلی صورت پر قابو پایا جا سکتا ہے کہ جہاں بھی ایسی صورتِ حال پیدا ہو- اس میں درگزر سے کام لیا جائے اور اپنے ماحول یا حلقہ واقفیت میں بات چیت یا معاملات طے کرتے وقت احتیاط سے کام لیا جائے خواہ آپ کے پاس دلائل وزنی ہی کیوں نہ ہوں اور بات اس طرح مت کریں کہ کوئی مشتعل ہو کر چاقو نکال لے- یا سر پر بوتل مار کر توڑ دے- ملاقاتی یا بات چیت کرنے والے کے رجحان طبع کو ہمیشہ اس وقت مدنظر رکھیں- جب بات اختلافی ہو رہی ہو- دوسرے کا اچانک حملہ اس بات کی اجازت نہ دے گا کہ بچاؤ کیا جا سکے- بعض اوقات آپ کی اکیلی ذات ہی ہوگی- جب چور روپیہ چھیننا چاہے گا- اس وقت آپ سخت مشکل میں گرفتار ہوں گے- لہذا اس سے لڑیں مت تاکہ وہ حملہ یا درشت گوئی یا مار یا کوئی دوسرا تشدد اختیار نہ کرے- وہ جو کرنا چاہے اسے کرنے دیں اور اس کی شکل اور حلیہ کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیں تاکہ پولیس کو شناخت میں مدد ملے اور اگر آپ جوڈو یا کراٹے جانتے ہیں تو پھر اپنے بچاؤ کی جو تدبیر کر سکتے ہیں کریں- لیکن یاد رکھیں اگر پانچ سال قبل آپ نے کچھ داؤ سیکھے تھے تو وہ اب کام نہ دیں گے-

برج ثور ♉

یہ ایک خاکی برج ہے ان کا حاکم ستارہ زہرہ ہے- لہذا آپ اس قسم کے صدمات کو قبول کرنے والے ہیں جو ضد یا سرکشی یا محبت کے نتائج میں رونما ہوں- آپ کے خلاف روپیہ کی بابت جھگڑا ہو سکتا ہے یا محبت میں حسد کی بنا پر پہلی صورت میں آپ اپنے روپیہ کو بنک یا سیف ڈیپازٹ میں رکھ سکتے ہیں- اس بات کا یقین کریں کہ ضروری نہیں کہ چور آپ کا گھر لوٹ کر لے جائیں-

بدقسمتی سے محبت کے لئے جو تشدد اختیار کیا جاتا ہے اس سے بچنا آسان نہیں اور آپ کیلئے تو اس کی دو اقسام ہوتی ہیں- ایک حاسد عاشق آپ پر حملہ آور ہو سکتا ہے یا آپ سے روپیہ وصول کرنے کیلئے اغوا کا قدم بھی اٹھایا جا سکتا ہے- حاسد عاشق کے حملے سے بچنے کیلئے آپ کو یہ احتیاط کرنی چاہئے کہ کوئی ایسی بات نہ ہو جس سے دوسرے کو حسد کرنے کا موقع ملے- بعض اوقات یہ احتیاط بھی نہیں ہو سکتی کیونکہ کچھ لوگ بغیر کسی سبب کے بھی حسد کرنے لگتے ہیں- لیکن آپ کو بھی خیال رکھنا چاہئے کہ ایک مرتبہ جب محبت کا کوئی معاملہ ختم ہو جائے تو اپنے جذبات پر قابو رکھیں- اپنے ضدی پن اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے کسی شخص کو اپنی میراث نہ سمجھ لینا چاہئے- یہاں تک کہ بچوں کو پرورش کے سلسلے میں بھی بے جا ہٹ دھرمی سے ہرگز کام نہ لینا- تاہم کسی بھی شخص کو آپ دوسرے کسی شخص سے محبت کرنے سے نہیں روک سکتے- لہذا اغوا کا کیس ہو سکتا ہے- اگر ایسا ہو جائے تو فوراً پولیس سے مدد طلب کریں- تاکہ بہتر طور پر قدم اٹھایا جا سکے- تجربہ کار افراد پر بھروسہ کریں تاکہ وہ آپ کے محبوب کو بحفاظت واپس لانے میں کامیاب ہو جائیں-

برج جوزا ♊

آپ بادی برج سے تعلق رکھتے ہیں اور حاکم

عطارد ہے- لہذا سفر میں خاص طور پر ہوائی سفر میں تشدد کا تجربہ ہوگا یا کوئی ایسا شخص جذبات میں آ کر تشدد کرے گا جس کے متعلق آپ نے غلط اندازہ لگایا ہوگا- مگر اس میں جذبات پیدا کرنے والے آپ ہی ہوں گے- پہلی قسم کا تشدد جو دوران سفر ہوگا اس کے دو پہلو ہیں ایک تو مسلح ڈاکو ہوں گے جو آپ پر حملہ کریں گے اور دوسرا کوئی اس جہاز میں بم رکھ دے گا جس میں سفر کریں گے- دوسری قسم کے تشدد کو تو ہوائی کمپنیوں کے حفاظتی اقدامات کے ذریعے کافی حد تک روکنے کی کوشش کی جارہی ہے جس میں کامیابی بھی حاصل ہوئی ہے- لہذا اس کے متعلق تو فکر کی کوئی بات نہیں تاہم ذاتی حملہ کا خطرہ باقی ہے- اگر آپ کو کوئی مسلح شخص روک لے تو آپ کے پاس جو کچھ ہو اسے دے دیں- اگر ہوشیاری سے کام لیں تو سفر پر جانے سے قبل روپے پیسے کے بجائے ٹریولرز چیک رکھیں اور ان کے نمبروں کی لسٹ علیحدہ محفوظ کرلیں- چنانچہ اب اگر چور انہیں چھین کر لے بھی گیا تو آپ کو ان کے بدلے کے فوری چیک مل جائیں گے- کیونکہ ان کے نمبر آپ کے پاس ہوں گے- جب سفر کریں تو عمدہ اور قیمتی گھڑیاں اور دوسرے زیورات وغیرہ گھر میں یا ہوٹل کے سیف میں رکھوا دیا کریں- جوزا سے متعلقہ عورتوں کو سفر میں خاص احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے- کیونکہ وہ ممالک جہاں کے لوگوں کی عادات ہمارے ملک کے لوگوں کی عادات سے مختلف ہیں- وہاں خاص طور پر مشکلات پیش آئیں گی- ظاہری محبت بھی پریشانی کا باعث بنے گی-

جوزا سے متعلقہ افراد کی محض دکھاوے کی محبت تشدد کو گھر تک لاسکتی ہے- دراصل یہ لوگ ہر چیز دو کی تعداد میں چاہتے ہیں- یہاں تک کہ محبوب بھی دو ہونے چاہئیں- لیکن ان کے اپنے جذبات میں شاذ و نادر ہی گہرائی آتی ہے- اگر آپ اپنی متلون مزاجی کے نتیجے میں کبھی محبوب کو چھوڑ دیں تو اس کے ردعمل میں آپ کی توقعات سے بڑھ کر تشدد ہوگا- اس قسم کی باتوں سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ دوسروں کے جذبات کا بھی احساس کریں-

برج سرطان ♋

یہ ایک آبی برج ہے اور قمر اس پر حکومت کرتا ہے- چنانچہ سرطانی افراد پر تشدد کا جذبہ ان کے اپنے گھر میں سوار ہوتا ہے اور یہ تشدد آپ کی روح میں بھی اتر جاتا ہے- آپ حساس ہیں- چنانچہ ایک فرضی فون کال بھی آپ کے جذبات پر بہت شدت سے حملہ آور ہوتی ہے- اگر کبھی ایسا ہو تو نہ ڈریں اور خاموش رہ کر بات کو سنتے رہیں اور دھمکی دینے والے پر اپنا ڈر اور خوف بالکل ظاہر نہ کریں- اگر دو تین دفعہ ایسا کرنے پر بھی فون آنا بند نہ ہوں تو پولیس کو یہ مسئلہ حل کرنے کے لئے دے دیں- زیادہ خطرہ تو چوروں سے ہے- لہذا اپنے گھر کی حفاظت کا پورا پورا بندوبست کیا کریں- خطرے کے وقت بج اٹھنے والی گھنٹی بھی لگائیں مگر سب سے بڑھ کر یہ کہ اپنے اندر بھی حفاظتی عادت پیدا کریں- کیونکہ بہترین سے بہترین تالا بھی اگر کھلا چھوڑ دیا جائے تو وہ گھر کی حفاظت کبھی نہ کرسکے گا- گھر میں کتا رکھنا بھی بہتر رہے گا-

آپ زیرک، ہوشیار اور جلد اثر قبول کرنے والے ہیں- چنانچہ اگر آپ کی موجودگی میں کوئی شخص گھر میں آ گھسے تو اس کے موڈ کا فوری مطالعہ کریں- اسے روکنے کی بالکل کوشش نہ کریں اور نہ ہی اس سے رحم کی بھیک مانگیں- وہ جو کچھ لینا چاہتا ہے- اسے لے لینے دیں اور اسے غور سے دیکھتے رہیں تاکہ بعد میں اس کی نشاندہی کرسکیں- لیکن اس پر یہ ظاہر نہ ہونے دیں- بدقسمتی سے وہ چوری کرنے نہ آیا ہوگا- کیونکہ اکثر سرطانی عورتوں کی آبروریزی اور آدمیوں کی پٹائی کا ارتکاب ہوتا ہے- چنانچہ اگر گھر میں گھسنے والا انہیں ارادوں سے آیا ہو تو آپ اس کا پوری طرح مقابلہ کریں- ایسے مواقع پر اپنا دفاع کرنے کیلئے جوڈو کراٹے سیکھ لینا بہتر رہے گا- لیکن یہ یاد رکھئے کہ کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے گھر میں داخل ہونے والے شخص کے ارادوں کا پتہ لگانا ضروری ہے اور سب سے بہتر بات تو یہ ہے کہ گھر میں ایسا انتظام کریں کہ کوئی اجنبی گھر میں داخل ہی نہ ہوسکے-

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

علاؤں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں- ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد، نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے- یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے- استخراج آسان ہیں- حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے- اس میں سات باب ہیں-

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا-

ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں- جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں- کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے-

قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصول ڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

مریخ ۲۰۱۸ء میں

مریخ ۱۸ مارچ کو برج جدی میں داخل ہو چکا ہے جہاں ۷ امئی کو برج دلو میں داخل ہوگا۔ مریخ ۲۷ جون کو رجعت کرے گا اور ۱۴ اگست کو برج جدی میں داخل ہوگا۔ ۲۸ اگست کو مستقیم ہوگا اور ۱۱ ستمبر کو برج دلو میں داخل ہوگا اور ۱۵ نومبر تک برج دلو میں قیام کرے گا اور سال کے آخر تک برج حوت میں رہے گا۔

ایک سریع السیر ستارے کا اتنے طویل عرصے تک ایک برج میں ٹھہرنا عام واقعہ نہیں۔ کیونکہ یہ طاقتور آتشی ستارہ ہم سب پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اور اس کے اثرات جاننے کے لئے اس کی رفتار کو مدنظر رکھتے ہیں۔ نظرات کو دیکھتے ہیں اور اس گھر کو دیکھتے ہیں۔ جہاں یہ مقیم ہوتا ہے۔

جدی میں مریخ کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ یہاں مریخ اپنے اثر اور طاقت میں بہت قوی ہوتا ہے۔ اس برج میں مریخ کی موجودگی اس لحاظ سے بھی اہم ثابت ہوگی کہ اس برج میں پلوٹو بھی ہے۔ یہ دونوں کواکب اس برج میں خاصا عرصہ ساتھ رہیں گے۔ چنانچہ یہ وقت خفیہ اقدامات لائے گا۔ ایسی سرگرمیاں ہوں گی جو مخفی رکھی جائیں گی۔ تاکہ دوسروں کی مخالفت یا ناپسندیدگی سے بچا جا سکے۔

- لاشعور میں دبی ہوئی خواہشات اور احساسات کو تحریک ملے گی۔ لوگوں میں شہرت کی خواہش پیدا ہوگی۔ خاص طور پر ان لوگوں میں جو سیاست ملوث ہیں۔

پیشہ وارانہ اور کاروباری جاہ طلبی بڑھ جائے گی تاہم یہ وقت کاروباری اور مالی معاملات کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ لوگ روحانی شفا بخشی پر اسرار مذاہب یا خفیہ انجمنوں کی سرگرمیوں میں ملوث ہوں گے۔ یہ وقت منظم قسم کے جرائم اور وہ تمام معاملات جن کا تعلق جرائم کے خلاف جہاد ہے ان پر دباؤ ڈالے گا۔ جرائم کی روک تھام کے لئے اقدامات کئے جائیں گے مگر جرائم بدستور ہوتے رہیں گے۔

جدی میں موجودگی کے دوران مریخ مشتری اور نپ چون سے تسدیس بنائے گا اور پلوٹو سے قران کرے گا۔ نپ چون حوت کا حاکم ہے مشتری ذیلی حاکم ہے جبکہ نپ چون اپنے برج حوت میں ہے۔ جبکہ مریخ عقرب کا ذیلی حاکم ہے جبکہ پلوٹو جو عقرب کا حاکم ہے وہ جدی میں مریخ کے ساتھ ہوگا۔ چنانچہ پرانے زمانے کے شفا بخشی کے کچھ طریقے اور روایتی طریقہ علاج ایک بار پھر اہمیت اختیار کر جائے گا۔ کینسر اور ایڈز جیسی بیماریوں سے متعلق تحقیق کچھ اور آگے بڑھے گی اور نئی کامیابیاں ہوں گی مچھلی کی صنعت کے لئے بھی یہ وقت اہمیت کا حامل ہوگا۔

برج جدی اور برج دلو میں مریخ کا طویل قیام ہم میں سے ہر شخص کو متاثر کرے گا۔ یہ جاننے کے لئے کہ مریخ آپ پر کیسے اثر انداز ہوگا۔ اپنے زائچے کے اس گھر کو دیکھیں جس میں مریخ رہے گا۔

بارہ برج سے متعلقہ افراد کو مریخ جس طرح متاثر کرے گا اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

برج حمل (دسواں اور گیارہواں گھر)

مریخ ان کے دسویں گھر میں ہوگا۔ اس گھر میں مریخ کی موجودگی زائد جاہ طلبی، قوت و طاقت اور تمام رکاوٹوں کو عبور کرنے کی ہمت عطا کرتی ہے۔ چنانچہ آپ کی کوششیں کامیابیاں لائیں گی آپ کا رجحان اگر سیاست یا سماجی کاموں کی طرف ہے تو نمایاں مقام ملے گا اپنے حلقے میں نمایاں اور مقبول ہوں گے۔ وہ عملی افراد جو سرجن یا ڈینٹسٹ ہیں یا جو دھاتوں سے متعلقہ کام یا دھاتوں کا کام کرتے ہیں، تیز آلات استعمال کرتے ہیں ان کے لئے بھی وقت موافق ثابت ہوگا۔

یہ وقت پیشہ وارانہ اور کاروباری معاملات میں جاہ طلبی لائے گا اور حاکمانہ رویہ اختیار کرنے کا رجحان ہوگا جبکہ اس وقت حاکمانہ رویہ اختیار کر کے اور زبردستی کر کے کسی کو دشمن نہ بنائیں۔ اس وقت کیریئر اور روزگار کے معاملات میں کامیابی کا زیادہ انحصار آپ کی ذاتی کوششوں پر ہوگا۔

مریخ کو ۲۷ جون سے ۲۷ اگست تک رجعت رہے گی یہ سارا وقت کسی نہ کسی قسم کی معمولی نوعیت کی پریشانیاں لاتا رہے گا۔ دوستوں کے ساتھ حالات خلاف ہی رہیں گے۔ لاپرواہیوں اور غلطیوں سے بچیں ورنہ نقصان اٹھائیں گے صحت کا بھی خیال رکھیں۔

برج ثور (نواں اور دسواں گھر)

مریخ ان کے نویں گھر میں رہے گا اس وقت سفر اور مہم جوئی کی خواہش پیدا ہوگی جو پوری بھی ہو سکتی ہے ذہنی قوتیں اچھی ہو جائیں گی لیکن اعزاء اور رشتہ داروں سے مخالفت پیدا ہوگی۔ مخالفت اور خاندانی اختلافات سے بچنے کی پوری کوشش کریں۔

یہ وقت ثوری افراد میں تبدیلی کی خواہش پیدا کرے گا ذہنی لحاظ سے چست بنائے گا۔ مذہب و فلسفے میں دلچسپی پیدا کرائے گا۔ وہ ثوری افراد جو قانون، مذہب، سیاست یا پروپیگنڈے کے کام میں ملوث ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

مریخ کو ۲۷ جون سے ۲۷ اگست تک رجعت رہے گی۔ یہ وقت احتیاط کا متقاضی ہے۔ اگر کوئی کام شروع کرنا ہے تو خوب سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔ اس وقت رشتہ دار بھی ہر قسم کی ذمہ داریاں آپ پر ڈالنا چاہیں گے۔

برج جوزا (آٹھواں اور نواں گھر)

مریخ آپ کے آٹھویں اور نواں گھر میں

رہے گا اس گھر کا تعلق مالی اور قانونی معاملات سے ہوتا ہے۔ چنانچہ اس گھر میں موجودگی کے دوران روپیہ شادی یا شریک کار کے ذریعے دے گا۔ یا ترکہ اور وراثت سے ملے گا۔ یا کسی نوعیت کے قانونی معاہدے کے ذریعے مالی فائدہ دے گا۔

اس وقت کاروباری سرگرمی اور مشترکہ مالی معاملات میں ملوث ہونے کا امکان بھی ہے۔ یہ وقت پرانے حالات کو ختم کر کے نئے حالات لائے گا۔ کچھ افراد کو یہ وقت پولیس اور ملٹری کے معاملات میں ملوث کر دیگا اس وقت کچھ افراد علم نجوم یا پراسرار علوم میں دلچسپی لینے لگیں گے کچھ افراد کی زندگی سے کوئی ایسا شخص موت یا دوسرے حالات کے نتیجے میں نکل جائے گا جس کی ان کی زندگی میں بہت اہمیت ہوگی۔

۲۷ رجون سے ۲۷ راگست تک مریخ کو رجعت رہے گی اس دوران تمام مالی معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ لاپرواہی اور بے صبری سے بچیں۔ اس وقت نہ روپیہ قرض لیں نہ دیں۔ جائیداد کے معاملات طے کرنے ہیں تب بھی ست روی کی توقع رکھیں۔

برج سرطان (ساتواں اور آٹھواں گھر)

مریخ سرطانی افراد کے ساتویں اور آٹھویں گھر میں رہے گا۔ اس گھر میں مریخ کی موجودگی عموماً مضبوط کردار کے شخص سے جلد بازی میں شادی کراتی ہے لیکن سرجانی افراد کو شادی کے معاملے میں جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہئے۔ ہو سکے تو اس وقت شادی نہ کریں کیونکہ جھگڑے اٹھیں گے۔ اس شادی کے نتیجے میں مالی فائدہ تو ہوگا لیکن دونوں شرکاء کو برداشت اور تحمل سے کام لینے کی بے حد ضرورت ہوگی۔ ورنہ شادی ناکام رہے گی۔ نیز کاروباری شراکت اختیار کرنے سے بھی بچیں۔

سرطانی افراد کو نکتہ چینیوں سے بھی واسطہ پڑے گا۔ دوسروں سے متعلق خود ان کا رویہ جارحانہ ہوگا! پھر دوسرے ان سے متعلق جارحانہ رویہ اختیار کریں گے جبکہ یہ وقت ایسا ہے کہ دشمن پیدا کرنے یا تنقید کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔ غیر ضروری اختلافات بھی پیدا نہ کریں۔

کیونکہ اس وقت شادی یا کاروباری شراکت میں اختلافات بہت نازک شکل اختیار کر سکتے ہیں اور نوبت طلاق یا مقدمے بازی تک پہنچ سکتی ہے۔ اس لئے بہت محتاط رہیں۔

مریخ کو ۲۷ جون سے ۲۷ راگست تک رجعت رہے گی۔ یہ وقت خاص طور پر احتیاط کا متقاضی ہے۔

تاہم ساتویں گھر میں مریخ کی موجودگی کا مثبت پہلو یہ ہے کہ اس وقت جرأت مندی سے دوسروں کے تعاون کے ذریعے اہم معاملات کے عملی نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں اس کے لئے ان تاریخوں کو ذہن میں رکھیں جب مریخ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

برج اسد (چھٹا اور ساتواں گھر)

مریخ ان کے چھٹے اور ساتویں گھر میں ہوگا چنانچہ کام میں بہت محنت کرنی پڑے گی۔ پھر صلہ ملے گا۔ یہ وقت زائد جسمانی کام، محنت، قوت و طاقت اور ہنرمندی لائے گا کچھ افراد کی زیادہ ذمہ دار عہدے پر ترقی ہو جائے گی تاہم یہ ذہن نشین کر لیں کہ یہ وقت ذاتی کام یا کاروبار شروع کرنے کے لحاظ سے غیر موافق ثابت ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کو بھی ساتھ کام کرنے والوں یا افسروں کے ساتھ اختلافات اور مشکلات کا سامنا ہوگا۔ کام کے دوران حادثات کا اندیشہ بھی ہے۔ وہ افراد جو مشینری یا آلات کے ذریعے کام کرتے ہیں انہیں خاص طور پر محتاط رہنا چاہئے اور ممکنہ حادثات سے بچاؤ کے لئے تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔

کچھ اسدی افراد انجینئرنگ، طب، مینوفیکچرنگ، پولیس یا ملٹری کے معاملات میں کسی نہ کسی طرح ملوث ہو جائیں گے اور وہ افراد جو ان معاملات میں پہلے سے ہی ملوث ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

اسدی افراد اس وقت صحت کو بہتر بنانے کی طرف متوجہ ہوں گے لباس میں بھی زیادہ دلچسپی لینے لگیں گے یا کسی نہ کسی طرح اپنے ظاہری حلیئے کو بہتر بنانا چاہیں گے۔

یہ وقت صحت سے متعلق مسائل بھی پیدا کر سکتا ہے۔ بخار، زخم لگنے یا اعصابی دباؤ وغیرہ کا اندیشہ ہے وہ افراد جو غذا سے متعلق لاپرواہی اختیار کرتے ہیں ان کی صحت متاثر ہوگی۔

مریخ کو ۲۷ جون سے ۲۷ راگست تک رجعت رہے گی۔ روزگار، پیشہ وارانہ معاملات اور کام کے لحاظ سے یہ وقت خاصا سخت ہوگا وہ افراد جو ملازمت تبدیل کرنا چاہتے ہیں حالات ایسے ہو جائیں گے کہ ان مہینوں میں ان کے لئے کسی نہ کسی فیصلے پر پہنچنا لازمی ہو جائے گی لیکن یہ وقت ان معاملات میں تبدیلی کے لئے بے حد غیر موافق ہے۔ اس لئے صبر و تحمل سے کام لیں۔

برج سنبلہ (پانچواں اور چھٹا گھر)

مریخ سنبلہ سے متعلقہ افراد کے پانچویں اور چھٹے گھر میں ہوگا اس گھر میں مریخ کی موجودگی سیر و تفریح، کھیلوں اور جنس مخالف میں دلچسپی لاتی ہے۔ یہ وقت سنبلہ سے متعلقہ ان افراد کے لئے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا جو آرٹس یا میوزیشن ہیں کیونکہ وہ اپنے سوچ اور خیالات کو تصویروں یا موسیقی کے ذریعے پیش کر سکیں گے۔ نیز یہ وقت شخصیت کو پرکشش بنائے گا اور دوسروں کی نگاہوں میں لائے گا۔

مریخ کی پانچویں گھر میں موجودگی محبت کے معاملات میں جارحانہ رویہ بھی پیدا کر دیتی ہے۔ حصار و مایوسی کے جذبات خوشیوں کی راہ میں رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ اس وقت سنبلہ سے متعلقہ عورتوں کو خاص طور پر محتاط رہنا چاہئے۔ جنسی لحاظ سے انہیں پریشان کیا جاسکتا ہے۔

یہ ایسا وقت ہے کہ جب دلچسپیوں اور محبت کے معاملات میں تبدیلی لانا بدترین غلطی ہوگی۔ وہ افراد جن کے بچے ہیں انہیں بچوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔ بچے قابو سے باہر ہو جائیں گے اس وقت ان سے زیادہ امیدیں وابستہ نہ رکھیں۔

۲۷ رجون سے ۲۷ راگست تک مریخ کو رجعت رہے گی یہ وقت پانچویں گھر کے منسوبات میں احتیاط کا متقاضی ہے۔ اس وقت کوئی ایسا کام نہ کریں جس پر بعد میں پچھتانا پڑے۔

سالکان طریقت

فقراء حرام مال نہیں کھاتے

ایک بزرگ کا بیان ہے کہ فقراء کی جماعت نے ایک روز شیخ ابوالیثؒ سے عرض کیا کہ شیخ! گوشت کھانے کو جی چاہتا ہے- شیخ نے فرمایا ''فلاں دن تک صبر کرو'' یہ وہ دن تھا جب کہ وہاں بازار لگتا تھا اور قافلے بازار میں مال بیچنے آیا کرتے تھے- وہ دن آیا تو اطلاع ملی کہ ڈاکوؤں نے ایک قافلے کو لوٹ لیا ہے- تھوڑی دیر بعد ان چوروں ڈاکوؤں میں سے ایک شخص آیا اور شیخ کی خدمت میں غلہ پیش کیا پھر انہی میں سے ایک اور شخص آیا اور اس نے ایک بیل پیش کیا- شیخ نے فقراء سے کہا ''دونوں چیزوں کو لے جاؤ اور اپنے تصرف میں لاؤ'' شام کو کھانا تیار ہوا تو فقہاء کی جماعت فقراء سے علیحدہ ہوگئی- یعنی اس غلہ اور بیل کے گوشت کا کھانا نہیں کھایا (اس لئے کہ وہ ان کے خیال میں چوری کا حرام مال تھا) فقراء نے فقہا کو طلب کیا تو انہوں نے کھانے سے انکار کر دیا-

شیخ نے فقہاء کے انکار کی پروانہ کی اور فقراء کو حکم دے دیا کہ ''تم کھاؤ- فقہاء حرام مال نہیں کھاتے ہیں'' کھانے سے فراغت کے بعد فقراء کے جماعت شیخ کی خدمت میں بیٹھی تھی کہ ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا ''شیخ! میں نے فقراء کے لئے غلہ کا انتظام کیا تھا ڈاکو اس غلہ کو لوٹ کر لے گئے'' پھر ایک اور شخص آیا اس نے کہا ''میں نے فقراء کے لئے ایک بیل رکھا تھا- چور اس کو چرا کر لے گئے- ان دونوں آدمیوں سے شیخ نے فرمایا- ''تمہارا سامان فقراء کو پہنچ گیا'' فقہاء کو یہ واقعہ معلوم ہوا تو انہوں نے کھانے میں شرکت نہ کرنے پر افسوس کا اظہار کیا-

شیخ ابوالیث کی نسبت مشہور تھا کہ وہ صباغ (رنگریز) ہیں- کپڑا رنگنے والے نہیں- بلکہ دلوں کے رنگنے والے یعنی وہ انسانوں کے قلب پر ایسا اثر ڈالتے تھے کہ وہ برے کاموں سے تائب ہو کر راہ راست اختیار کر لیتے تھے اور صفات حسنہ ان میں پیدا ہو جاتی تھیں- چنانچہ منقول ہے کہ ایک روز شیخ ممدوح کی خدمت میں ایک گانے والی عورت حاضر ہوئی- شیخ نے اس پر ایک نظر ڈالی تھی کہ وہ بے ہوش ہو کر گر پڑی- ہوش آیا تو اس نے اپنے پیشہ سے توبہ کی اور فقراء کی صحبت اختیار کر لی- ایک دن شیخ نے اس سے کہا ''ہم تو ذبح کرنا چاہتے ہیں کیا تو اس تکلیف کو برداشت کر لے گی'' اس نے کہا بڑے شوق سے- شیخ نے اس کو حکم دیا کہ تو فقراء کے لئے پانی لایا کر' وہ چھ ماہ تک اپنی پشت پر پانی لاتی اور فقراء کی خدمت کرتی رہی چھ ماہ کے بعد اس نے ایک روز شیخ سے کہا- ''میں اپنے پروردگار سے ملاقات کی بہت خواہش رکھتی ہوں'' شیخ نے فرمایا ''جمعرات کے دن تو اپنے پروردگار سے جا ملے گی'' چنانچہ جمعرات کے دن اس نے انتقال کیا اور شیخ کی پیش گوئی پوری ہوئی-

قدیم علوم کا سائنٹیفیک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق واثرات
سعادت ونحوست کا حساب، حیرت وتجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی
عاملیت وکاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا
کے تجربات ومشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک
سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام''
''ناشون'' ہیں

۴۵۰ صفحات

Postage
Rs: 50

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

قیمت: ۵۰۰ روپے

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کراؤ یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔
Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

سورتیں اوران کے فضائل

سورہ انفعال

ہول کے مرض اضطراب قلب خفقان کے لئے مینہ کے پانی سے اس آیت کا سات مرتبہ سات روز تک لکھ کر پلانا یا مینہ کے پانی سے زعفران گھول کر سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا بفضلہٖ تعالیٰ بہت مفید ہے- اِذْ لَغَشِیْکُمُ النُّعَاسَ سے بِہِ الْاَقْدَامَ ہ ط تک

سورہ یونس

اگر کہیں مسلمانوں کا کسی غیر دین و مذہب والے سے جھگڑا یا مقدمہ ہو یا کہیں کوئی وبائے عام اہل اسلام اور کفار میں پھیلی ہوئی ہو اور مسلمان چاہیں کہ ہم اس وباء سے محفوظ رہیں یا یہ مقدمہ ہم جیت جائیں تو تین ہزار تین سو مرتبہ سورۂ بقر کی آخیر کی آیت رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا سے الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ تک اور سورۂ یونس کی یہ آیت وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَھُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّھِمْ ط گیارہ دن تک متواتر پڑھنا نہایت مجرب اور مفید ہے- خاصیت کسی برتن میں ان آیتوں کا لکھ کر پانی سے دھو کر پلانا ہر قسم کے بیمار کو حکم الٰہی سے سات دن میں شفا دیتا ہے- آیتیں یہ ہیں- یَاَیُّھَا النَّاسُ سے مِمَّا یَجْمَعُوْنَ ہ نہایت مجرب ہے-

سورہ ھود

جو شخص کشتی، جہاز یا ریل وغیرہ کسی قسم کی سواری میں سوار ہونے سے پہلے تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا سے رَّحِیْمٌ تک پڑھ لے گا- انشاء اللہ تعالیٰ اس کو کبھی کسی سواری سے تکلیف اور اذیت نہ ہوگی اور اس سواری سے زندہ سلامت اترے گا- عمل مجرب ہے-

سورہ رعد

اگر کوئی شخص کسی ایسے خطرناک جنگل میں ایسے رستہ چلا جاتا ہو کہ جہاں درندوں کا خوف ہو اس آیت شریف کو پڑھے انشاء اللہ کسی طرح کا خوف نہ رہے گا اور نہ کوئی درندہ حملہ کرے گا- آیت یہ ہے- لَہٗ مُعَقِّبَاتٌ سے اِمْرِ اللّٰہِ ط تک خاصیت اگر کسی موقعہ پر بجلی کی کڑک اور چمک زیادہ ہو اس موقع پر یہ آیت یُسَبِّحُ الرَّعْدُ سے اللّٰہِ الْعَظِیْمُ ہ تک تسبیح کا پڑھنا نہایت مفید اور ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہنے کے لئے مجرب عمل ہے- خاصیت ہر ایک قسم کی گھبراہٹ اور دل کی اضطرابی کے موقعہ پر اِلَّا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ہ ط کا پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے- فائدہ رعد کا ایک مرتبہ روز پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کا کرنا بالخاصیت خدا کی محبت دل میں پیدا کرتا ہے- عمل مجرب ہے-

سورہ نحل

خاصیت اگر کسی جانور کا بیماری کی وجہ سے دودھ خشک ہو جائے تین روز تک پاؤ بھر چنے کا آٹا لیکر گیارہ مرتبہ الحمد شریف اور گیارہ مرتبہ آیت وَاِنَّ لَکُمْ سے لِلشّٰرِبِیْنَ ہ تک پڑھ کر آٹے پر دم کر کے جانور کو کھلائے انشاء اللہ پہلے سے زیادہ دودھ دینے لگے گا- خاصیت جس کسی شخص کو شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں اور وہ اکیس مرتبہ صبح اور اکیس مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ان آیتوں کو پڑھے انشاء اللہ بہت جلد شیطانی وسوسے دفعہ ہوں گے- آیتیں یہ ہیں- اِنَّہٗ لَیْسَ سے بِہٖ مُشْرِکُوْنَ ہ تک خاصیت اِنَّ اللّٰہَ سے مُّحْسِنُوْنَ ہ ایک ہزار مرتبہ جس بیمار کو پڑھ کر دم کیا جائے اگر موت اس وقت نہ ہوگی تو فوراً اسی دن مریض تندرست ہو جائے گا- کم سے کم تین روز تک اس عمل کو کیا جائے-

قواعد عملیات

یہ کتاب ان لوگوں کے لئے بیش قیمت تحفہ ہے، جو عملیات کے شائق ہیں- اس کتاب میں تمام ضروری قواعد معہ تفصیل دیئے گئے ہیں- تاکہ کسی جگہ پیر استاد کی ضرورت محسوس ہو تو اس کی کمی کو پورا کیا جا سکے- اس میں بارہ باب ہیں-

(۱) لوازمات نقوش
(۲) چلہ کشی
(۳) حروف تہجی
(۴) عناصر
(۵) موکلات
(۶) تعویذات
(۷) جفری قوانین
(۸) زکات
(۹) قوانین نجوم
(۱۰) تعین اوقات
(۱۱) موثر اوقات عملیات وطلاسم
(۱۲) متفرقات

متفرقات ہی ایسا باب ہے کہ برسوں کی خدمت کے بعد بھی ایسے طریقے نہ ملیں اور نہ ان کا معاوضہ کوئی ادا کر سکتا ہے- ۱۲ ابواب

ہدیہ =/۳۴۰ روپے- محصولڈاک =/۵۰ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

مقابلہ شمس وزحل

دو ناجائز تعلقات کو قطع کرنا اور ظالم سے انتقام لینا

۲۷ جون کو شام ۶ بجکر ۲۷ منٹ پر یہ نظر بنے گی۔ شمس اور زحل ایک دوسرے کے دشمن ہیں اس دن ان دونوں میں جو نظر ہے وہ نحس اکبر ہے۔ لہذا اس وقت کی تاثیر بمنزلہ دشمنی کے سخت ترین ہے۔ اس وقت دو شخصوں کے درمیان دشمنی پیدا کرنے کا عمل تیار کیا جاتا ہے۔ یعنی جن مرد و عورت میں ناجائز تعلق ہو یا جن مردوں کے درمیان کا تعلق آپ کی جان و مال کے لئے اندیشہ ہو اور ان میں تفریق ہونے سے فائدہ ملے نیز ان نافرمانوں، سرکشوں اور دشمنوں کو عذاب دینے اور تنبیہہ کرنے کے لئے موثر وقت ہے۔ جن سے عزت اور جان و مال کے نقصان کا اندیشہ ہے۔

اللہ پاک کا ایک اسم **یا منتقم** ہے اس سے اس وقت کام لیں۔ میں نے بجائے عزیمت کے اسم الٰہی کا انتخاب اس لئے کیا ہے کہ بعض لوگ جائز و ناجائز کا خیال کئے بغیر کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں تو اگر ان کا قصد ناجائز ہو گا تو یہ عمل کام نہ کرے گا۔ جائز صورتوں میں بھی اثرات سے پہلے یہ مہلت اور فرصت دیتا ہے اور خوف بھی دلاتا ہے تاکہ ظالم اپنے ظلم سے باز آجائے کیونکہ اس اسم میں یہ روحانیت ایک درد ناک عذاب سے زیادہ خطرناک ہے۔ جو لوگ خدا پرست ہیں ان کا دشمن نفس ہے۔ اس دشمن کو ختم کرنے کے لئے بھی یہی اسم کام دیتا ہے۔ مگر اس کی ریاضت الگ طریقہ سے ہوتی ہے جو دنیادار کسی ظالم سے تنگ ہیں ان کے لئے بھی یہی اسم ہے یا تو ظالم ظلم سے باز آجائے گا۔ یا کہیں دور چلا جائے گا۔ یا وہ کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جائیگا کہ اس میں ظلم کرنے کی صلاحیت ہی باقی نہ رہے گی۔ اور وہ اپنی ہی مشکل یا مصیبت میں گرفتار ہو جائے گا۔

یاد رہے کہ قطب لوگوں کا بایاں وزیر یہی اسم ہے اور وہ اسی وزیر یعنی اسم منتقم سے کام لے کر ان سے انتقام لیتے ہیں جب تم پر بھی کوئی دشمن ظلم کرے تو اس اسم کے عدد کے موافق پاکیزگی کے ساتھ اس کی ریاضت کرے۔ اس کا موکل خواب یا بیداری میں حاضر ہوگا۔ اس وقت اس شخص کے لئے جو سزا یا انتقام ہو تجویز کرو اور اس سے کہہ دو اس کے موکل کا نام طلیا ئیل ہے۔ اگر کسی کو ہلاک کرنا ہو تو اسم الٰہی جبار کے ساتھ پڑھتے ہیں یہ چونکہ خواص کے طریقے ہیں اس لئے ان کے بیان کی ضرورت نہیں اب میں وہ طریقہ لکھتا ہوں جس کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے۔

وقت مقررہ پر **المنتقم** کو نقش ذوالکتابت میں سیسہ کی تختی پر کندہ کرو اور اس پر ذیل کا ذکر ۶۶۱ (چھ سو اکسٹھ) مرتبہ پڑھ کر دم کرو۔ پھر اسے کالے کپڑے یا چمڑے میں بند کر دو اور دشمن کے گھر کسی طریقہ سے دبا دو۔ نقش کے نیچے جس مرض کا نام لکھو گے یا جس طرح چاہو گے وہ اس شخص میں ظاہر ہو جائے گا۔ یہ نقش آتشی چال کا ہے۔ ترتیب سے خانہ پری کرتے وقت جہاں حروف آئیں۔ وہاں حروف ہی لکھ دیں۔

نقش یہ ہے۔

یا طلیا ئیل

ال	من	ت	قم
۴۰۱	۱۳۹	۳۲	۸۹
۱۳۸	۳۹۸	۹۲	۳۳
۹۱	۳۴	۱۳۷	۳۹۹

ذکر اس کا یہ ہے:-

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انت المنتقم من الجبا برۃ والعصاہ وقاصم ظھور المتکبرین و الطغاۃ الشدائد الوصلات علے الظالمین البغا ۃ اسلك بقوۃ سترتك وشدہ اخذ ینتك وقوۃ قھر نقمتك ان نتعاجل اللھم با القھر من یرید فی باالسوء والضرر (فلاں بن فلاں کو ہلاک کر یا فلاں مرض میں ڈال یا فلاں فلاں میں تفریق کر)

و تمھلہ قھراوا یدنی با النصر علیہ والظفر - اللھم احرسنی من شرالانتقام بنظرك المقدس وعلیك التی لاینام من شرالانام وانت حسبی ونعم الوکیل علی الدوام یامنتقم یاسلام

حل المقاصد

میں قواعد کی تشریحات جن سے سطر مستحصلہ استخراج کی جاتی ہے۔ مکمل طور پر واضح بیان کی گئی ہے اور فلک ہشتم کے عامل فرشتہ میططروں کے اسماء کے پوشیدہ حروف کو ۳۲ دائروں میں مقید کیا گیا ہے۔ جن میں سطر مستحصلہ پوشیدہ ہے اور جو ناقابل فہم اور ناقابل عمل رہی ہے۔ اس مستحصلہ سے تین زبانوں

عربی، فارسی، اردو

میں ایک واضح جواب ایک ہی طریقہ سے برآمد ہوتا ہے۔ جس کی مثال ساتھ دی گئی ہے۔ قواعد وضوابط تو اکثر لوگوں کو معلوم ہیں۔ مگر اس کو حل شدہ حاصل کرنا مدتوں خدمت کے بعد ہی ممکن تھا۔

ہدیہ =/۱۵۰ روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز کراچی

دیپالپور میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کیلئے

طاہر بک اسٹال نیوز پیپر ایجنٹ ہے۔

انسانی زندگی کا نصب العین

حقیقی عزت

حقیقی عزت یہ ہے کہ اللہ کے ہاں کوئی مقبول ہو اسے عزت کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ کسی کو مقبولیت دے اور اپنی مخلوق کے دلوں میں اس کی عزت ڈالدے وہ عزت ہے وہ خیال کی نہیں واقعی عزت ہوتی ہے۔

حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا حق تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو حضرت جبرئیلؑ کو فرماتے ہیں کہ میں نے فلاں بندے سے محبت کی تو بھی اس سے محبت کر۔ حضرت جبرئیلؑ کے دل میں محبت آجاتی ہے حضرت جبرئیلؑ آسمان اول کے ملائکہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم سب نے محبت کی تم بھی محبت کرو۔ آسمان دوم میں اس کی محبت ہوتی ہے۔ وہ تیسرے کو وہ چوتھے کو یہاں تک کہ اس آسمانِ دنیا تک محبت آجاتی ہے۔ تمام ملائکہ میں وہ محبوب بن جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ ملائکہ علولی ملائکہ سفلی کو الہام کرتے ہیں کہ ہم نے فلاں سے محبت کی تم بھی کرو ان کے دلوں میں محبت آجاتی ہے۔ وہ ملائکہ سفلی اولیائے کرام جو دنیا میں محبوبانِ الٰہی کے قلوب میں الہام کرتے ہیں کہ ہم سب محبت کرتے ہیں تم بھی محبت کرو تو خواصِ اہل اللہ کے قلب میں محبت آجاتی ہے یوں ان کے آس پاس کے حلقوں کے اندر محبت پہنچتی ہے۔ فَيُوْضَعُ لَهٗ قَبُوْلُهٗ فِي الْاَرْضِ اس کی مقبولیت پوری زمین میں پھیل جاتی ہے اسے کچھ کرنا دھرنا نہیں پڑتا اور محبت آسمان و دنیا کے اندر پھیل جاتی ہے تو حقیقی عزت وعظمت یہ ہے کہ من جانب اللہ کسی کی مقبولیت دنیا میں پھیل جائے یہ اصل عزت ہے اسی لئے نہ اپنے تخیل سے اپنے کو عزت دار سمجھے نہ چند افراد کے دماغ پر روغن قازمل کر کوشش کرے کہ تم میں تخیل میں مجھے بڑا سمجھو۔ یہ خیالی چیز ہوگی۔

جب خیال بدل جائے گا عزت ختم ہوجائے گی لیکن جن کی عزت مُلاء اعلیٰ میں قائم ہوگی۔ ملائکہ علوی وسفلی کے دلوں میں جس کی محبت قائم ہوگی وہ محبت بنیادوں پر قائم ہے۔ تخیلات پر نہیں ہے۔ حق تعالیٰ باطن میں اگر کسی کی عزت قائم ہے وہ اٹل ہے اور اتنی قوی بنیاد پر ہے کہ اسے کوئی مٹانے والا نہیں ہے۔

انبیاء علیہم السلام کی محبت یہی ہوتی ہے کہ اللہ کی بارگاہ میں ان کی محبوبیت پھیلا دی جاتی ہے اولیائے کرام صوفیائے عظام اور ائمہ مجتہدین کی محبت اٹل بنیادوں پر ہوتی ہے وہ دنیا سے گزر جائیں مگر ان کی محبت نہیں گزرتی۔

انبیائے علیہم السلام میں سے آج اگر کسی پیغمبر کا نام نامی آئے گا گردنیں عظمت سے جھک جائیں گی ہم درود شریف پڑھنا شروع کردیں گے۔

یہ کیا چیز ہے۔؟ آج یہ ہستیاں اس عالم میں نہیں ہے مگر دلوں کے اٹل ہے۔ اس لئے کہ اس محبت کی بنیاد میں حق تعالیٰ کے باطن سے چلنے والی محبت ہے جو مٹنے والی نہیں ہے۔ آج دنیا میں حضرت خواجہ اجمیریؒ موجود نہیں ہیں آج حضرت صابر کلیریؒ موجود نہیں ہیں۔ شیخ شہاب الدین سہروردی موجود نہیں ہیں لیکن قلوب میں محبت قائم ہے۔

ان لوگوں کے نام آتے ہیں تو ہماری زبانوں سے رحمتہ اللہ علیہم اجمعین نکلتا ہے۔ عظمت ہے ہم گردنیں جھکا دیتے ہیں۔ وہ ہستیاں موجود نہیں مگر محبوبیت موجود ہے اس لئے کہ یہ محبوبیت اللہ سے چلی اور بندوں تک پہنچی۔ خواص اس سے شروع ہوئی عوام تک پہنچی۔

عزت کے بارے میں سنہری اصول

اس سے ایک اصول معلوم ہوتا ہے کہ جو مقبولیت عوام سے اوپر کی طرف چلتی ہے وہ بے بنیاد ہوتی ہے۔ عوام میں پھیل گئی آگے خواص میں اس کا کوئی وجود نہیں وہ عزت فرضی ہوتی ہے' چند دنوں کے بعد زائل ہوجاتی ہے اور خواص سے چلے عوام کی طرف آئے وہ حقیقی عزت ہوتی ہے تو میں نے انبیاءؑ اولیائے کرام علمائے ربانی اور صالح بندوں کی محبت جو رہتی دنیا تک قلوب میں باقی رہتی ہے وہ حقیقی عزت ہے اس کی بنیاد فرضی نہیں ہوتی آدمی کا خیال نہیں ہوتا قلوب کی گہرائی ہوتی ہے۔ اگر آدمی یہ بھی چاہے کہ میں اپنے خیال سے یہ محبت نکال دوں اس میں یہ قدرت نہیں ہوتی۔ اس کا دل ملامت کرے گا کہ نہیں تجھے محبت رکھنی پڑے گی اس لئے کہ بنیادوں پر قائم ہے۔

حاصل یہ کہ عزت وہ ہے جو اللہ کی طرف سے چلے مقبولیت عنداللہ ہو وہ عزت نہیں ہے کہ لوگوں کے تخیلات کے اوپر اس کی بنیاد ہو کیونکہ خیال رات دن بدلنے والی چیز ہے تو ایسی محبت وعزت جو کہ خیال ہو اس کو ہم اپنی زندگی کا نصب العین بنائیں یہ زندگی کی توہین ہے۔ زندگی امیر واقعی اور نصب العین مرضی اور خیالی بنا رہے ہیں۔ زندگی کی بنیادیں اٹل کہ انسان ابدی ہے اور عزت جو نصب العین ٹھہرا اس کی کوئی بنیاد نہیں کہ کل کو ہے پرسوں کو نہیں یہ زندگی کی توہین کرنا ہے۔ اس لئے یہ بھی نصب العین نہیں بن سکتی تو نہ دولت اور رسمی عزت مقصد زندگی بن سکتی ہے نہ روٹی بن سکتی ہے۔ اگر دنیا ہی تک زندگی محدود ہوتی تو چلو ہم بھی نصب العین قرار دے لیتے مگر مشکل یہ ہے کہ زندگی آگے جانے والی ہے۔ یہ زندگی کا کروڑواں معمولی حصہ ہے۔

دائمی اور ابدی زندگی تو آگے ہے اس واسطے کوئی اور نصب العین ہونا چاہئے۔

صبر کا پھل

حضرت عمران بن لحصین جلیل القدر صحابی ہیں ایک ناسور پھوڑے کے اندر ۳۲ سال مبتلا رہے ہیں جو پہلو میں تھا اور چت لیٹے رہتے تھے کروٹ نہیں بدل سکتے تھے۔ یعنی ۳۲ برس تک چت ہی لیٹے لیٹے کھانا بھی پینا بھی عبادت کرنا بھی قضائے حاجت کرنا بھی۔ آپ اندازہ کیجئے بتیس برس ایک شخص ایک پہلو پر پڑا رہے اس پر کتنی عظیم تکلیف ہوگی؟ کتنی بڑی بیماری ہے؟ یہ تو بیماری کی کیفیت تھی لیکن چہرہ اتنا ہشاش بشاش کسی تندرست کہ وہ چہرہ میسر نہیں لوگوں کو حیرت تھی کہ بیماری اتنی شدید کہ برس گزر گئے کروٹ نہیں بدل سکتے اور چہرہ دیکھو تو ایسا کھلا ہوا کہ تندرستوں کو بھی نصیب نہیں۔ لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت! یہ کیا بات ہے کہ بیماری تو اتنی شدید اور اتنی ممتد اور لمبی چوڑی اور آپ کے چہرے پر اتنی بشاشت اور تازگی کہ کسی تندرست کو بھی نصیب نہیں۔ فرمایا۔

''جب بیماری میرے اوپر آئی میں نے صبر کیا۔ میں نے یہ کہا کہ اللہ کی طرف سے میرے لئے عطیہ ہے۔ اللہ نے میرے لئے بھی مصلحت سمجھی میں بھی اس پر راضی ہوں۔ اس صبر کا اللہ نے مجھے یہ پھل دیا کہ میں اپنے بستر پر روزانہ ملائکہ علیہ السلام سے مصافحے کرتا ہوں مجھے عالم غیب کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔

عالم غیب میرے اوپر کھلا ہوا ہے تو جس بیمار کے اوپر عالم غیب کا انکشاف ہوجائے۔ ملائکہ کی آمد و رفت محسوس ہونے لگے اسے کیا مصیبت ہے کہ وہ تندرستی چاہے اس کے لئے بیماری ہزار درجے کی نعمت ہے۔

حاصل یہ کہ اسلام کی یہ خصوصیت ہے کہ اس نے تندرست کو تسلی دی بیمار کو کہا کہ تیری بیماری اللہ تک پہنچنے کا ذریعہ ہے تو اگر اس میں صبر اور احتساب کرے گا حِبْسَةً لِلّٰهِ اس حالت پر صابر اور راضی رہے گا تیرے لئے درجات ہی درجات ہیں۔

پھر یہ بھی نہیں فرمایا کہ تو علاج مت کر، علاج بھی کر دوا دارو بھی کر مگر نتیجہ جو بھی نکلے اس پر راضی رہ۔ اپنی جدوجہد کے لئے بے جا باقی افعالِ خداوندی میں مداخلت مت کر تیرا کام دوا کرنا ہے تیرا یہ کام نہیں ہے کہ دوا کے اوپر نتیجہ بھی مرتب کردے کہ صحت ہونی چاہئے یہ اللہ کا کام ہے تو اپنا کام کر، اللہ کے کام میں دخل مت دے دوا دارو کر مگر اللہ کی طرف سے جو کچھ ہوجائے اس پر راضی رہ کہ جو کچھ ہو رہا ہے میرے لئے خیر ہو رہا ہے۔ اس پر صبر کرو گے وہی بیماری ترقی درجات اور اخلاق کی سربلندی کا ذریعہ بنتی جائے گی۔ اس سے آدمی کی روحانی مقامات طے ہونگے۔ تندرست کو روحانیت کے وہ مقامات نہیں ملتے جو بیمار کو ملتے ہیں تو بیماریوں کہے گا مجھے میری بیماری مبارک مجھے تندرستی کی ضرورت نہیں تندرستی میں مجھے یہ مقامات مل نہیں سکتے تھے جو بیماری میں ملے۔

تو اسلام نے تندرست کو تندرستی میں تسلی دی کہ اس کو مجھ تک پہنچنے کا ذریعہ بنا۔ بیمار کو بیماری میں تسلی دی کہ تو بیماری کو مجھ تک پہنچنے کا ذریعہ بنا تو بیماری کی وجہ سے محروم نہیں رہ سکتا۔ یہ خیال مت کر کہ جو کچھ ملنا تھا تندرست کو مل گیا میرے واسطے کچھ نہیں رہا تیری بیماری میں تیرے لئے سب کچھ ہے۔

بہرحال ہر ایک کو اپنے دائرہ اور اپنے مقام پر تسلی دینا یہ اسلام کا کام ہے۔

خالق انسان کو تجویز کردہ نصب العین

اس خالق نے ایک نصب العین تجویز فرمایا اور اپنے فرمان کے ذریعے ہم تک بھیج دیا جس کو قرآن الکریم سمجھتے ہیں۔ فرمایا وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ترجمہ میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ میری اطاعت کریں تو مقصد زندگی درحقیقت اپنے خالق و مالک کی اطاعت و عبادت نکلی عبادت کا لفظ سن کر ممکن ہے کہ آپ کو یہ تخیل پیدا ہوا ہو کہ بس اب کہا جائے گا کہ جا کے مسجد میں بیٹھو کوٹھی بھی چھوڑ دو اور بنگلہ بھی اور مسجد کا راستہ لو عبادت تو وہاں ہوگی اور ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ بھائی جو دولت ہے اسے خیر باد کہو یہ سب کچھ صدقہ کر کے جاؤ اللہ کے راستہ میں اور اپنا گھر بار چھوڑو۔

تو میں عرض کئے دیتا ہوں کہ یہ غلط تخیل ہے اسلام کی یہ خصوصیت ہے کہ انسان جس دائرے میں رہے اس سے مایوس نہیں۔ خدا تک پہنچنے کا لازمی راستہ بتلاتا ہے یہ نہیں کہا انسان آج جس دائرے میں ہے اس دائرے کو چھوڑ کر فلاں دائرے میں جائے جب تو مجھ تک آئے گا اور اگر نہیں چھوڑے گا تو مجھ تک نہیں آئے گا ایسا نہیں ہے کہ اگر ایک آدمی دولت مند ہے اس سے اسلام یہ کبھی نہیں کہے گا کہ تو اپنی ساری دولت ختم کردے بلکہ اسی دولت کو خدا تک پہنچنے کا ذریعہ بنائے گا اس کے صرف اور آمد کا طریقہ بتلائے گا اس کے قوانین بتلائے گا۔ میری اطلاعت کے تحت اس کو خرچ کر۔

اپنا زائچہ بنوائیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ زائچہ پیدائش بنوا کر رکھیں

زائچہ میں دی گئی معلومات

۱ گھروں کے درجات معہ کواکب برج درجہ و دقیقہ ۲ طول بلد اور عرض بلد ۳ عدد پیدائش
۴ موافق پتھر ۵ ادوار ۶ عنصر اور ماہیت ۷ کواکب کے شرف، اوج، فرح، ہبوط، زوال، طرح، حضیض
۸ نظرات معہ برج اور کوکب کا درجہ و دقیقہ

انتہائی دلکش اور خوبصورت، ہر سطر واضح، لیزر پرنٹ، اپنی تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش لکھیں۔

ہدیہ : =/۲۰۰۰ روپے

منیجر روحانی دنیا کراچی

ماہ مئی

نام ایام	مئی ۲۰۱۸ء	شعبان ۱۴۳۹ھ	بکرمی ۲۰۷۵ب	تقویمی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس در ثور	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت
منگل	۱	۱۴	۱۹	۸	یوم مئی			۱۲	قوس	۲۰:۱۹	شولہ	۴:۰۱		طرح
بدھ	۲	۱۵	۲۰	۹	شب برات			۱۳			لغائم	۴:۳۲		
جمعرات	۳	۱۶	۲۱	۱				۱۴			بلدہ	۵:۳۴		
جمعہ	۴	۱۷	۲۲	۲				۱۵	جدی	۷:۰۵	ذابح	۷:۰۵		وبال
ہفتہ	۵	۱۸	۲۳	۳	عرس شہباز قلندرؒ سہون			۱۶			بلعہ	۸:۵۸		
اتوار	۶	۱۹	۲۴	۴				۱۷	دلو	۱۹:۴۸	سعود	۱۱:۰۴		
پیر	۷	۲۰	۲۵	۵				۱۸			اخبیہ	۱۳:۱۱		
منگل	۸	۲۱	۲۶	۶				۱۹			مقدم	۱۵:۰۷	◓	ترنج دوم
بدھ	۹	۲۲	۲۷	۷	شرف مریخ			۲۰	حوت	۸:۱۰	موخر	۱۶:۳۶		حضیض
جمعرات	۱۰	۲۳	۲۸	۸				۲۱			رشا	۱۷:۲۸		
جمعہ	۱۱	۲۴	۲۹	۹				۲۲	حمل	۱۷:۳۹	شرطین	۱۷:۳۹		
ہفتہ	۱۲	۲۵	۳۰	۱	اوج زہرہ			۲۳			بطین	۱۷:۰۴		
اتوار	۱۳	۲۶	۳۱	۲	عطارد در ثور؛ شرف قمر			۲۴	ثور	۲۳:۱۴	ثریا	۱۵:۴۹		شرف
پیر	۱۴	۲۷	جیٹھ	۳				۲۵			دبران	۱۳:۵۴		
منگل	۱۵	۲۸	۲	۴	یورنس در ثور			۲۶			ہقعہ	۱۱:۳۱	●	اجتماع
بدھ	۱۶	۲۹	۳	۵	مریخ در دلو؛ نیا چاند ☾، حضیض عطارد			۲۷	جوزا	۱:۴۲	ہنعہ	۸:۴۵		فرح
جمعرات	۱۷	رمضان	۴	۶	یکم رمضان ۱۴۳۹ھ			۲۸			ذراع	۵:۴۷		
جمعہ	۱۸	۲	۵	۷				۲۹	سرطان	۲:۴۶	نثرہ طرفہ	۲:۴۶ ۲۳:۴۸		ترفع
ہفتہ	۱۹	۳	۶	۸	زہرہ در سرطان			۳۰			جبہۃ	۲۱:۰۲		
اتوار	۲۰	۴	۷	۹				۳۱	اسد	۴:۱۰	زہرہ	۱۸:۳۰		
پیر	۲۱	۵	۸	۱	شمس در جوزا ★★			جوزا			صرفہ	۱۶:۱۹		
منگل	۲۲	۶	۹	۲				۲	سنبلہ	۷:۰۲	عوا	۱۴:۲۷	◓	اون ترنج اول
بدھ	۲۳	۷	۱۰	۳				۳			سماک	۱۲:۵۷		
جمعرات	۲۴	۸	۱۱	۴				۴	میزان	۱۱:۵۱	غفرہ	۱۱:۵۱		
جمعہ	۲۵	۹	۱۲	۵				۵			زبانہ	۱۱:۰۴		
ہفتہ	۲۶	۱۰	۱۳	۶	قمر در عقرب			۶	عقرب	۱۸:۳۹	اکلیل	۱۰:۴۲		ہبوط
اتوار	۲۷	۱۱	۱۴	۷				۷			قلب	۱۰:۴۰		
پیر	۲۸	۱۲	۱۵	۸				۸			شولہ	۱۱:۰۲		
منگل	۲۹	۱۳	۱۶	۹				۹	قوس	۳:۲۸	لغائم	۱۱:۴۶	○	طرح استقبال
بدھ	۳۰	۱۴	۱۷	۱	عطارد در جوزا			۱۰			بلدہ	۱۲:۵۴		
جمعرات	۳۱	۱۵	۱۸	۲				۱۱	جدی	۱۴:۲۶	ذابح	۱۴:۲۶		وبال

کیا آپ کا برج ثور ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

علم نجوم کی کسی پرانی کتاب میں ثور سے متعالہ افراد کی خصوصیات کا مطالعہ کرنا ثوری افراد کو باآسانی احساس کمتری میں مبتلا کرسکتا ہے۔ ۲۱ اپریل سے ۲۱ مئی کے دوران پیدا ہونے والے افراد صدیوں سے ان بہت سی پرانی وضع کی خوبیوں کے مالک ہیں۔ جن کے متعلق افسوس سے یا خوشی سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ دائرۃ البروج کے دیگر افراد میں ان کا فقدان ہوتا ہے۔ ثوری افراد ثابت قدم اور مستحکم ہوتے ہیں۔ مصائب کے سامنے چٹانوں کی مانند مضبوطی سے قدم جمائے رکھتے ہیں اور اندھا دھند شدید جسمانی محنت کرنے والے ہوتے ہیں۔

ثوری افراد سست رفتار، محتاط اور کسی قدر مشکوک ہوتے ہیں۔ سست رفتاری سے آگے بڑھتے ہوئے کبھی اکتاتے ہیں اور نہ کبھی کسی کام کو درمیان میں مکمل کئے بغیر چھوڑتے ہیں۔ شاذونادر ہی ان میں کوئی لیڈر پیدا ہوتا ہے بلکہ ہمیشہ ماتحت یا دوسرے درجے کے لیڈر کی حیثیت سے بہت شاندار اور قابلِ بھروسہ ثابت ہوتے ہیں۔

ثوری افراد میں بہت سی کمزوریاں بھی ہوتی ہیں جن کا ماہرین نجوم نے اکثر بڑی خوشی سے ذکر کیا ہے۔ یہ ضدی اور خود پسند ہوتے ہیں۔ جسمانی افزائش کا انہیں ہمیشہ خیال رہتا ہے اور روحانی قوتوں کی افزائش کا خیال شاذونادر ہی آتا ہے۔

اس کے علاوہ لالچی بھی ہوتے ہیں۔ سولہ گھنٹے تک مسلسل کام کرنے کے بعد آرام کے لئے شاندار بستر چاہتے ہیں۔

ثوری افراد خوبصورت آنکھوں کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ دراصل زہرہ کا تحفہ ہے جو ان کا حاکم ستارہ ہے۔ یہ خوبصورت آنکھیں ہر وقت سنہرین سکوں اور قیمتی اثاثوں کی تلاش میں سرگرداں رہتی ہیں۔ یہ کسی نہ کسی طرح روپیہ، زرخیز زمینیں، خوبصورت اور بڑے گھر حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ ان چیزوں کے حصول کا جزوی سبب ان کی محنت اور جوزی سبب ''موزوں'' آدمی یا عورت سے شادی ہوتی ہے۔

افراط زر کے اس دور میں جب کہ ساری دنیا میں غیر یقینی صورت حال پائی جاتی ہے۔ ثوری افراد مشکل حالات سے مطابقت پیدا کرنا جانتے ہیں۔ تعلیم اور سفر کی جدید سہولتوں نے پرانے زمانے کے مقابلے میں موجودہ ثوری افراد کو کچھ مختلف بنادیا ہے۔ اس برج کی علامت ''بیل'' ہے

دائرۃ البروج	یہ دوسرا برج ہے
عرصہ پیدائش	اپریل ۲۱ تا مئی ۲۱ (اندازاً)
عنصر	بادی
ماہیت	ثابت
حاکم ستارہ	زہرہ
برج کی علامت	بیل

اور بیل دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو بڑی خاموشی سے کھیتوں میں کام کرتا ہے۔ دوسرا وہ جو آج بھی اسپین میں بل فائٹنگ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ لڑائی کے دوران بیل اپنے ہسپانوی سوار کو بعض اوقات شدید زخمی کردیتا ہے تو بعض اوقات اسے جان سے بھی مار ڈالتا ہے۔ اس کے بعد تماشائی اس کی تعریف میں شوروغل مچاتے ہیں اور اس کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالتے ہیں۔ جنہیں وہ بیل بعض اوقات کھا بھی جاتا ہے۔

موجودہ دور کے ثوری افراد گرم، جوش، محبت کرنے والے اور بہت خوش مزاج ہوتے ہیں۔ تاہم وہ ضدی ہوتے ہیں اور اپنے منصوبوں یا اپنے ارادوں اور فیصلوں کو بدلنا سخت ناپسند کرتے ہیں۔ ثوری افراد بہترین کاروباری ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ بنکوں مالی اداروں اور بڑے صنعتی اداروں میں کام کرنے کے لئے بہت موزوں ثابت ہوتے ہیں۔ وہ اس مادی دنیا کے باسی ہیں اور خاصے مادہ پرست ہوتے ہیں مگر اس بات کو کبھی تسلیم نہیں کرتے۔ وہ خرید وفروخت میں بہت ماہر ہوتے ہیں اور جو چیز بھی بازار میں ہوتی ہے اس کی قیمت جانچنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔

ثوری افراد خواہ جوان ہوں یا بوڑھے، سوشل زندگی، دعوتوں اور پارٹیوں کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ ثوری آدمی جب کسی لڑکی کو باہر لے کر جاتا ہے تو وہ اسے ہمیشہ شہر کے سب سے بہترین ہوٹل میں لے کر جائے گا اور اس کا سلوک نہایت شاہانہ ہوگا۔ اگر آپ کا شوہر ثوری ہے تو اس کے ساتھ باہر جاتے وقت ہمیشہ بہترین لباس پہنیں اس لئے کہ جب لوگوں کی نگاہیں آپ کی طرف اٹھیں گی تو آپ کا ثوری شوہر بہت خوش ہوگا۔ کھانے کا انتخاب اسے کرنے دیں کیونکہ اس کا انتخاب یقیناً بہترین ہوگا۔ وہ خود بھی بہت اسمارٹ نظر آئے گا۔ چاہے اس نے ''جینز'' ہی پہنی ہوئی ہو۔ تب بھی وہ اسمارٹ نظر آئے گا کیونکہ جینز کی سلائی جدید فیشن کی ہوگی۔

ثوری آدمی عورتوں سے بات کرنے اور پیش آنے کا ڈھنگ جانتے ہیں۔ ان کا انداز

نہایت پُرسکون اور اعتماد افزا ہوتا ہے- بڑی مضبوط شخصیت کے مالک دکھائی دیتے ہیں- ان کی کشادہ مسکراہٹ اور ہمدردانہ رویہ ان کی موجودگی کو سکون بخش بنا دیتا ہے- مصیبت اور پریشانی کے لمحات میں یہ حیرت انگیز طور پر بے حد وفادار، مخلص اور سرگرم دوست ثابت ہوتے ہیں- ایسے وقت میں جب کہ دوسرے ابھی یہی سوچ رہے ہوتے ہیں کہ کہاں تک آپ کا ساتھ دیا جاسکتا ہے- آپ کا ثوری دوست ہر طرح سے مکمل مدد دینے کے لئے اور ساتھ دینے کے لئے تیار ہوجاتا ہے-

اگر آپ کا افسر یا مالک ثوری ہے تو اس کی عظمت اور وقار آپ کے لئے اکثر پُر لطف ثابت ہوا کرے گا- جب آپ اس کی رائے سے اختلاف کریں گے تو وہ ایک دم چوکنا اور چوکس ہوجایا کرے گا- وہ اس وقت بھی اسی کیفیت کا اظہار کیا کرے گا- جب آپ کی رائے اس کی رائے سے زیادہ معقول ہوا کرے گی اور اگر آپ کے ماتحتوں میں سے ایک یا دو ثوری ہیں تو ان کا احساس ذمہ داری آپ کو بے حد پسند ہوگا اور یہی چیز آپ کے لئے باعثِ اطمینان ہوگی- مختصر یہ کہ ثوری افراد خواہ افسر ہوں یا ماتحت کاروباری معاملات کو استحکام بخشتے ہیں اور ہر قسم کی بحرانی صورتِ حال کے خاتمے کی صلاحیت رکھتے ہیں-

محبت کے معاملات میں ثوری افراد بے حد سلیم الطبع اور شریف ہوتے ہیں- مگر بددل کردینے کی حد تک عملی انسان ہوتے ہیں- یہ عملی رومانٹک آدمی ہوتے ہیں- جو اپنی ذات میں قول محال ہوتے ہیں- یہ اپنی محبوبہ کو خوبصورت تحائف دیتے ہیں- مثلاً ایسے پھول دیتے ہیں جو زیادہ عرصہ تازہ رہتے ہیں- ایسا زیور دیتے ہیں جس کی قیمت وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جاتی ہے اور جب شادی ہوجاتی ہے تو خوبصورت گھر بطور تحفہ پیش کرتے ہیں- ثوری آدمی جب اپنے آپ کو خوبصورت اور قیمتی چیزوں میں گھرا ہوا دیکھتے ہیں تو ان کا احساس شناخت بڑھتا ہے-

لیکن یہاں ایک خطرناک بات بھی آجاتی ہے- تحفظ اور ملکیت کا غرور ان کے کردار کا اہم حصہ ہوتا ہے اس لئے ان کی محبوبہ یا ان کی بیوی کا شمار بھی ان کی سب سے قیمتی املاک میں ہوتا ہے- یعنی ایسی املاک جس پر صرف ان کا مکمل حق ہوتا ہے اور یہی ان کی نفسیات کا کمزور پہلو ہوتا ہے اور اکثر ثوری آدمی کو یہ تلخ سبق سیکھنا پڑتا ہے کہ کسی عورت کو ملکیت نہیں بنایا جاسکتا- کم از اس عورت کو نہیں بنایا جاسکتا جو ذہن اور سوچ اور کچھ صلاحیتیں رکھتی ہے-

ثوری شوہر اپنی بیوی کے متعلق ہر وقت شکوک کا شکار رہتے ہیں اور اس کی اصل ضروریات کو سمجھ نہیں سکتے- مگر اس کی تلافی شدید محبت اور فیاضی سے کردیتے ہیں- بیوی جب اس بات پر شدید ناراضگی اور غصے کا اظہار کرتی ہے کہ شوہر اس کی رائے کو نظرانداز کردیتا ہے اور اپنے ہی نظریات اور خیالات کو اہمیت دیتا ہے اور بیوی کی معقول باتوں پر بھی کان نہیں دھرتا- لیکن بیوی کا یہ غصہ اور ناراضگی ایک گھنٹے سے زیادہ نہیں چلتی- کیونکہ ثوری شوہر کی محبت اور فیاضی اور وفاداری اس کا غصہ ٹھنڈا کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے-

ثوری لڑکیاں اور شادی شدہ عورتیں اپنے حاکم زہرہ کا بے حد اثر لیتی ہیں- یہ اپنے شوہر کی کھلے دل سے تعریف کرتی ہیں- لیکن اپنے والدین، بھائی، بہنوں یا دوستوں کو فراموش نہیں کرتیں- اکثر ثوری لڑکیاں بہت خوبصورت ہوتی ہیں اور تقریباً ہر ثوری لڑکی اپنی خوبصورت ہوتی ہیں اور تقریباً ہر ثوری لڑکی اپنی خوبصورتی میں اضافہ کرنا بہ خوبی جانتی ہے-

ثوری لڑکیاں بے حد ملنسار ہوتی ہیں یہ اپنی خوبصورت آنکھوں سے بولنا بخوبی جانتی ہیں- خوش مزاج فیاض اور عقل والی ہوتی ہیں- اس کے علاوہ ان میں ایک سب سے اچھی خوبی یہ ہوتی ہے کہ یہ کبھی کسی سے حسد نہیں کرتیں اور نہ کسی میں کمتر ہونے کا احساس پیدا کرنے کا سبب بنتی ہیں- بے حد عملی ہوتی ہیں- بجٹ بنانے میں ماہر ہوتی ہے اور احمقانہ خوابوں کی دنیا میں رہ کر کبھی اپنے آپ کو بے وقوف نہیں بناتیں-

مگر یہ بھی ذہن میں رہے کہ وہ فرشتہ نہیں ہوتیں ان میں دوسرے عام انسانوں والا حسد اور شک ہوتا ہے اپنے حسد اور شک کو یہ شاذ و نادر ہی چھپاتی ہیں- اپنے شوہر کو یہ کبھی اجازت نہیں دیتیں کہ وہ کسی کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھے- اگر کبھی شوہر سے یہ غلطی ہوجائے تو وہ روٹھ جاتی ہیں یا پھر ایسا ڈرامہ ہوتا ہے کہ شوہر ہمیشہ کے لئے ایسی غلطی سے توبہ کرلیتا ہے- شوہر کی یہ معمولی سی غلطی ان کی نگاہ میں ناقابل معافی جرم بن جاتا ہے لیکن اس کے باوجود بہت کم ثوری عورتیں شوہر سے علیحدگی چاہتی ہیں-

اگر چہ اچھی خاتون خانہ ثابت ہوتی ہیں- مگر گھر دار عورتوں میں ان کا شمار نہیں ہوتا- یہ ایسی آرٹسٹک اور رومانٹک ہوتی ہیں جس میں صفائی یا گھریلو چیزوں کی خریداری کو کوئی دخل نہیں ہوتا- ہاں البتہ یہ کھانا پکانے کو دافع امراض ضرور تصور کرتی ہیں- جب یہ جام یا کیک بناتی ہیں تو محسوس کرتی ہیں کہ وہ گھر داری سے متعلق بنیادی کام کر رہی ہیں- گھر بنا رہی ہیں وہ اپنے آپ کو ایک کسان کی بیوی تصور کرنے لگتی ہیں- جو اپنے لئے خود غلہ اگاتا ہے- اکثر ثوری عورتیں اپنے گھر میں سبزیاں اگاتی ہیں- گانے لکھتی ہیں- تصویریں بناتی ہیں اور آرٹ یا ڈیزائن کی دنیا میں نام پیدا کرتی ہیں-

اگر ایک بار ملازمت یا کام کرنے لگیں تو اسے جاری رکھنا چاہتی ہیں- ثوری آدمیوں کی طرح ثوری لڑکیاں اور عورتیں سخت محنت سے نہیں گھبراتیں- تاہم خاصا لمبا عرصہ بے کار یا سست رہتی ہیں- بقول ان کے ایسے وقت میں وہ اپنی جسمانی قوتوں کو بحال کر رہی ہوتی ہیں- اکثر ثوری عورتیں اخبارات کا مالی صفحہ بڑی شوق سے پڑھتی ہیں- پڑھنے اور سمجھنے کے بعد شیئرز اور حصص خریدتی اور بیچتی ہیں- اس طرح گھر بیٹھے روپیہ کماتی ہیں- سلائی یا باتیک کا کام کرتی ہیں اور ایسے ڈیزائن بناتی ہیں جن سے نسوانیت کا اظہار مقصود ہوتا ہے- جب کہ کچھ ثوری عورتیں ملازمت کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے تین یا چار بچوں کو بھی پالتی ہیں اور کام کی زیادتی کی شاذ و نادر ہی شکایت کرتی ہیں-

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا۔ وہ جادو' نظر بد' جنات' بھوت' پری' سوتے میں ڈر' وسواس شیطانی' دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا۔ گھر کی نااتفاقیاں' جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی۔ وہ بھی ختم ہو جائیں گی۔

ہدیہ نقش =/۲۵۷۱ روپے۔

مینجر روحانی دنیا کراچی

فالنامہ

اس فالنامہ سے فال لینے کا طریقہ یہ ہے کہ جو آپ کا ستارہ ہے- اس کی ساعت میں اس فالنامے پر اپنے مقصد کو دل میں لا کر انگلی رکھیں جہاں انگلی پڑے اس کی تفصیل ذیل سے معلوم کریں- نتیجہ اور قسمت کا اظہار معلوم ہوگا- یہ فالنامہ ایران میں بہت مشہور ہے اور بڑے بڑے لوگ اپنے پاس اسے فال کے لئے رکھتے ہیں- یہ فالنامہ زندگی کے آئندہ پہلو پر روشنی ڈالتا ہے-

۱ - 4 یہ علامت مشتری کی ہے جو خوش بختی پر دلالت کرتی ہے اس میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں جو کام کریں گے کامیاب ہوں گے- مال و دولت فراہم ہوگی- تمہاری امیدیں بر آئیں گی- آپ کی فیاضی' صاف گوئی اور لوگوں سے ہمدردی آپ کے لئے دوست پیدا کرے گی اور آپ کی شادی بہت جلد ہوگی-

۲ - ☉ یہ علامت شمس کی ہے جو حاکم فلک اور روشن کا مالک ہے اس کی روشنی شعاعیں آپ کی زندگی کی تاریکی کو دور کر دیں گی- آپ ہمیشہ خوش و خرم اور شاد رہیں گے چند روز کی تکلیف ہے- دوست آپ کو مدد دیں گے- آپ کی سب آرزوئیں پوری ہوں گی- دنیا میں عزت و توقیر پائیں گے- جس سے خوشی حاصل ہوگی-

۳ - ☿ یہ علامت عطارد کی ہے- زندگی میں بہت سی تبدیلیاں ہونے والی ہیں- آپ کو ہوشیار اور خبردار رہنا چاہئے آپ کے مزاج میں چستی اور چالاکی ہے اور خوب بول سکتے ہیں ایک زندہ دل رفیق ہیں- اگر چہ آپ کی زندگی میں بہت سی تبدیلیاں ہوں گی- مگر اچھی ہی گزریں گی- کیونکہ آپ سست اور کاہل نہیں ہو- آپ کو کئی سفر پیش آئیں گے- سفر چھوٹے اور بڑے دونوں قسم کے ہوں گے- ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی- جو غیر ملکی زبان بولتے

ہیں- ہمیشہ ایسے لوگوں کو ہمراہ رکھیں جو آپ کے ہمدرد اور غمخوار ہوں- کیونکہ آپ دوسروں کے اثر میں جلد آجاتے ہیں-

۴ - ♃ علامت مدوجزر ہے- آپ کے حق میں یہ فال عجیب ہے آپ کی زندگی میں کئی موقعے ایسے پیش آئیں گے جو آپ کو تذبذب میں ڈال دیں گے کبھی کہیں گے یہ کام کروں کبھی کہیں گے نہ کروں- آپ کے متعلق کئی ایک کام ہیں آپ جانتے ہیں کہ انہیں کرنا چاہئے- لیکن معلوم ہوتا ہے کہ آپ ان کے کرنے سے نفرت کرتے ہیں- چاہتے ہیں کہ کس طرح ان کے کرنے سے بچ جائیں یا التوا میں ڈال دیں- مگر خدا نے آپ کو عزم بالجزم دیا ہے- جس سے آپ اس پر غالب آسکتے ہیں اپنے ارادہ پر قائم رہیں شادی کے لئے اگر پہلا موقعہ ہے تو فوراً کر لیں ورنہ بعد میں بہت دیر سے ہوگی-

۵ - D یہ علامت قمر کی ہے آپ مردوں کی نسبت عورتوں کے اثر میں جلد آجاتے ہیں اور ان سے بڑی اچھی طرح پیش آتے ہیں- ان میں اکثر ایسی ہیں جو آپ کی بہت خیر خواہ ہیں آپ کو طویل سفر پیش آئیں گے آپ اپنی زندگی میں کوئی بڑا کام کریں گے جس میں شہرت اور ناموری ہوگی- جب ایک دفعہ کسی کام کے کرنے کا فیصلہ کر لیں تو پھر آپ کو اس بات کی بڑی احتیاط رکھنی چاہئے کہ تذبذب میں نہ پڑیں- اس کو تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کریں آپ کو اس کا ایسا انعام اور معاوضہ ملے گا کہ خواب و خیال میں بھی نہ آیا ہوگا- آپ کی شادی دو دفعہ تجویز ہوگی-

ماہ مئی کیسا گزرے گا

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ لین دین کے معاملات کے لحاظ سے موافق حالات سے واسطہ پڑے گا- آپ کی شخصیت پر کشش ہو جائے گی- تاہم مالی معاملات اور قریبی رشتہ داری کے معاملے میں احتیاط رکھیں-

مریخ شروع ماہ سے وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو گیارہویں گھر میں داخل ہو گا- کیریئر میں ترقی کرنے اور اپنے روزگار کو بڑھانے اور صحت کو بہتر کرنے کی کوشش میں بہتری آئے گی- یہ وقت ذہنی صلاحیتوں کے ساتھ جسمانی قوت صرف کرنے میں پوری مدد کرے گا- لوگوں کے درمیان اپنے اعتماد کو قائم کرنے کی کوشش کریں- وہ افراد جو کسی خاص ٹیکنیکل یا انجینئرنگ کے شعبے میں داخلہ لینا چاہتے ہیں ان کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور مستقبل میں ترقی کرنے کے لئے اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہئے- یہ ماہ کام کے اعتبار سے زیادہ محنت لائے گا- لہذا جسمانی اور ذہنی ورزش کے لئے بھی وقت نکالیں اور ذہنی سکون حاصل کریں- مریخ ۶'۱۱'۱۶'۲۴'۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں حتمی فیصلہ اور باقوت قدم اٹھانا بہتری کے آثار پیدا کرے گا- تاہم ۳'۲۰'۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں- ان دنوں غصہ یا اشتعال نقصان دے گا

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہو گی- گفت وشنید کے ذریعے حل نکال سکیں گے' نئے عزم اور تعلقات کا اضافہ ہوگا' اچانک کسی فرد کی طرف سے پیشکش ملے گی- باحیثیت افراد کے ذریعے مالی پوزیشن کو بہتر بنائیں- شراکت داری کے امور میں اچانک نئے لوگوں سے روشناسی ہو گی اور اپنے کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئے معاہدات کریں- ان دنوں کام سے متعلق حتمی فیصلہ کیا تو اس کے بہتر نتائج دیکھیں گے-

زہرہ تیسرے گھر میں موجود ہو گا اور ۲۰ تاریخ کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا- ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران سیر وتفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا- شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہو چکا ہے- یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے- یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی- اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن وسکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد ملے گی- اختلافات اور اسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی- زہرہ ۸'۱۳'۱۷'۲۲'۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- لہذا ان دنوں سیر وتفریح کریں' کسی شادی میں شریک ہو یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا-

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا- سماجی سرگرمیوں میں عزت و وقار کو بلند کرنے کی کوشش کریں- اہم کاروباری معاملات اور فیصلے اس وقت زیادہ موثر نہ ہونگے - گھر میں ضرورت سے زیادہ اخراجات ہونگے - گھر میں کچھ نئے لوگوں کی آمد ہوگی- والدین کی صحت کی خرابی سے پریشانی ہوگی - لوگوں سے رابطے تو ہونگے تاہم کوئی مثبت جواب نہ ملے گا- تعلیمی معاملات اس وقت بہتر رہیں گے-

عطارد طالع میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو خانہ مال میں آجائے گا۔ چنانچہ عطارد کی موجودگی آپ کے لئے پرلطف اور سرگرم وقت لائے گی۔ اپنے آپ کو جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے سرگرم اور چست محسوس کریں گے۔ چنانچہ تھوڑے وقت میں آپ بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔ وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے۔ وہ یقیناً" حالات میں بہتری دیکھیں گے گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے' نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ عطارد ۸' ۱۳' ۱۸' ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا نشرواشاعت' سفر' سیر و تفریح' تحریرات اور ذاتی مقاصد کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات کے لئے تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔ ان دنوں مسائل کو حل کرنا آسان ہوگا۔ اگر ان دنوں کوئی انٹرویو دینا ہے یا کسی میٹنگ میں شرکت کرنی ہے تو موافق نتائج برآمد ہونگے۔ تاہم عطارد ۵' ۲۱' ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں' سفر' افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے۔ ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں۔

اس ماہ سماجی سرگرمیوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ بلکہ فلاحی کاموں میں چندہ یا امداد حاصل کرکے اپنی پوزیشن بہتر کرسکیں گے۔ یہ وقت ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئی سوچ اور خیال پیدا کرے گا۔ اس ماہ کیریئر اور ملازمت میں غلط اقدام آپ کے لئے نقصان کا باعث بنے گا۔

زہرہ خانہ مال میں موجود ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے۔ یہ وقت مالی معاملات میں غیر معمولی بہتری لائے گا۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو کسی بہت اہم شخصیت سے ملاقات کرائے گا۔ اس ماہ کے ختم ہونے سے قبل اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ جب آپ فیشن کے مطابق چلنے والے ہوں یا اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۸' ۱۳' ۱۷' ۲۲' ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ خاص طور پر یہ تاریخیں ان افراد کے لئے موافق ثابت ہونگی جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ از سرنو تعلقات قائم کریں۔ اپنی بات کا اظہار جس خیال سے کریں گے وہ بات پوری ہوجائے گی۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ تاہم رشتہ داروں کے ساتھ سفر کی نشاندہی ہورہی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملے گا اور ہوسکتا ہے کہ بہت سی باتیں کھل کر سامنے آئیں۔

عطارد زائچے کے بارہویں میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو طالع میں آجائے گا۔ اس کی موجودگی حالات کو بہتر بنانے اور تحریری کام' نشرواشاعت' پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق معاملات طے کرکے آگے بڑھ سکیں گے۔ دوسرے ہفتہ سے سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہوگا وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہوگا۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں گے۔ آپ کے جارحانہ اقدام اور پہل کرنے کی قوت فائدہ دے گی۔ لکھنے لکھانے' تحریری کاموں میں باقوت سوچ کے ذریعے بہتر طریقے کار وضع کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوشش کامیابی دے گی۔ عطارد ۸' ۱۳' ۱۸' ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ اس وقت خاص طور پر اپنی صحت کی طرف بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہوگی۔ سماجی سرگرمیاں وقانونی معاملات اس وقت زیادہ رہنمائی نہ کریں گے۔ اپنی ذات سے متعلقہ کاموں کو مزید آگے بڑھانے یا اس سے متعلقہ اہم فیصلے کرنے سے گریز کریں۔ معاہدات بھی اس وقت زیادہ فائدہ نہ دیں گے۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو وتد السماء پر آجائے گا۔ آپ کے کاروباری سفر یا قانونی اور آفیشل کاموں میں رکاوٹیں دور ہوتی محسوس ہونگی۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کرسکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کررہے ہیں تو احتیاط رکھیں بلکہ اپنی باقوت صلاحیتوں پر بھروسہ کریں جس سے فیصلہ کن قدم اٹھانے میں آسانی ملے گی۔ تعمیری کاموں' ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ کاموں میں غیر ضروری التواء سے پریشانی اور ٹینشن ہوگی۔ مریخ ۱' ۶' ۱۱' ۱۶' ۲۴' ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کاموں کو آگے بڑھانا اور قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔ تاہم ۱۳' ۲۰' ۲۷ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

برج جوزا۔ستارہ عطارد

حروف:- ک۔ق

پیدائش:- مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ آپ اپنی خواہشات سے متعلق منصوبوں اور نئی حکمت عملی کی طرف توجہ دیں گے۔ دوستوں میں مقبولیت ہوگی۔ گھر کے معاملات میں غصہ پر قابو رکھیں۔ ہم آہنگی پیدا کریں۔ تاکہ حالات آپ کی توقعات سے بڑھ کر ملیں۔

زہرہ شروع ماہ سے طالع میں موجود ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو خانہ مال میں داخل ہوگا۔ کاروبار اور ملازمت میں بہتری آئے گی۔ ان دنوں جو بھی شخص آپ کی زندگی میں آئے گا وہ مدد کرے گا۔ بلکہ اس تعاون کی وجہ سے سوچ اور خیالات میں تبدیلی محسوس کریں گے۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک کاموں میں ملوث ہیں۔ انہیں موقع ملے گا تاہم لاپرواہی کی وجہ سے کام ہاتھ میں آتے ہوئے کسی دوسرے کے ہاتھ چلا جائے گا۔ کچھ مالی اور گھریلو پریشانی کی وجہ سے اپنے کام پر توجہ نہ دے کر ذرا سی عدم توجہ ہی کام میں بگاڑ پیدا کر سکتی ہے۔ اپنی صلاحیتوں اور کام کے ذریعے لوگوں میں اہمیت اختیار کر جانے کی کوشش کریں۔ اس طرح ذرائع آمدن کے راستے نکالنے میں کامیاب رہیں گے۔ ذہنی سکون حاصل کرنے کے لئے سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں اور اپنے ماحول کو خوبصورت اور آرام دہ بنانے اور قیمتی اشیاء کی خریداری ذہنی سکون دے گی۔ زہرہ ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ خیالات اور سوچ میں تبدیلی امیدوں پر اثر انداز ہو گی۔ حصول مال کے لئے دوسرے ذرائع اپنانے کی کوشش کریں۔ ایسے لوگوں سے رابطہ کریں جو آپ کو روپیہ کمانے کے نئے راستے بتائیں۔ تاہم شریک زندگی کے ساتھ تعلقات میں کی بہتری پیدا ہوگی اور ناراضگی کو دور کر سکیں گے۔ دوسروں کے مشورہ پر عمل کرنے سے قبل پوری معلومات حاصل کریں۔ والدین کی جائیداد یا زمینداری کے کام میں قانونی مسائل کو حل کر سکنے کی پوری صلاحیت موجود ہوگی۔

عطارد زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو بارہویں گھر میں آجائے گا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدد آور اثرات مرتب کر رہا ہے۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ مشترکہ سرگرمیوں والے کام جو دوسروں کی مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے اور معاشرتی فلاح و بہبود کے کاموں کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا جن نئے لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے۔ ان میں بہت سی باتیں آپ سے ملتی جلتی ہونگی۔ نیز دوسرے لوگ آپ کو نقطہ نظر میں وسعت پیدا کرنے کی ترغیب دیں گے۔ عطارد ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر و تفریح، پارٹی، فنکشن، نشر و اشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ قریبی کاروباری افراد کے ساتھ میٹنگ، گفت شنید یا ملاقاتیں بھی آپ کو نئی سوچ عطا کریں گی۔ تاہم ۵، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ سماجی سرگرمیوں میں حصہ لے کر کئی طرح کی معلومات حاصل کریں۔ کیونکہ اس وقت جو دوست ملیں گے یا جن کے ساتھ کام کریں گے وہ آپ کے ساتھ روپے کے معاملات میں درست معلومات فراہم نہیں کریں گے۔ قسمت کی تبدیلی کے لیے شیئر، بانڈز اور دیگر امور سے فائدہ اٹھانے کی کوششیں موافق نہ رہیں گی۔

مریخ زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو نویں گھر میں داخل ہوگا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے ساتھ مالی امور میں زائد دلچسپی لیں گے۔ یہ وقت ذہنی خرابی فریب دھوکہ لاتا ہے۔ بلکہ اپنی خواہشات کو غلط طریقے سے پورا کرنے کا رجحان ہوتا ہے۔ اس ماہ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی نکل جائے گا۔ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ سے متعلق اختلافی مسائل جنم لیں گے۔ ذہنی ٹینشن ملے گی۔ غصہ، جھگڑا اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں گم یا چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ مریخ ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,

Super Market

پشاور

میں رسالے اور کتابیں حاصل کرنے کا پتہ

اسٹار نیوز ایجنسی، بازار کلاں

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون۲۲ تا جولائی۲۳

اس ماہ اکثر افراد کیریئر، جاہ طلبی اور دوستوں کے ساتھ معاملات میں غیر معمولی تبدیلی دیکھیں گے۔ اس ماہ تعلقات میں دھوکہ ہو گا۔ بارسوخ افراد کو متاثر کرنا آپ کے لئے مشکل نہ ہوگا اور اگر اہم کاموں کو لے کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق ثابت ہو گا۔

عطارد وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو گیارہویں گھر میں آجائے گا۔ ان افراد کے لئے یہ وقت اہم ثابت ہوگا جو اپنے کیریئر میں ترقی کے خواہاں ہیں اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ عطارد ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ کو موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ چنانچہ امکان ہے کہ یہ موافق تاریخیں خوش قسمت مواقع لائیں گی۔ یہ تاریخیں انٹرویو دینے اور لینے، نئی معلومات حاصل کرنے، نئے خیالات اور اسکیموں کی جانچ پڑتال، سیر وتفریح، نشر واشاعت کے لئے بھی موافق ثابت ہونگی۔ ان دنوں جو کیریئر سے متعلق خاص قدم اٹھائیں گے اس میں کامیابی کا یقین رکھیں۔ ان دنوں بارسوخ افراد آپ کی موافقت میں ہونگے۔ نیز لوگ مفید مشورہ اور مدد دینے کے لئے ہر وقت تیار رہیں گے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ ماہ ہر لحاظ سے موافق اور آسان ہوگا۔ آپ کو ۵، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ ان دنوں دور اندیشی اور حکمت عملی سے کام لیں کیونکہ ان دنوں عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ لہذا صرف اپنے بنیادی کام کی طرف توجہ رکھیں۔ روزمرہ کے معمولات پر ہی عمل کریں اور معاملات میں کسی قسم کی تبدیلی نہ لائیں۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت تعلقات بڑھانے کے اہم مواقع حاصل ہوں گے۔ جس سے کام اور لین دین کے معاملات بہتر ہو جائیں گے۔ نئے خیالات جنم لیں گے۔ کاروبار کے لئے قرض لینا ہو یا کسی قانونی مسئلے کو حل کرنا چاہتا ہیں تو اس وقت متعلقہ لوگوں سے ملاقات کریں جو آپ کے لئے مددگار ہوں گے اور ان سے ہر طرح کا تعاون بھی ملے گا

زہرہ زائچے کے بارہویں گھر میں موجود ہو گا اور ۲۰ تاریخ کو طالع میں داخل ہوگا۔ لہذا یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔ ان لوگوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنا سکیں گے، جو کام میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں۔ غیر ضروری اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ مالی اور کاروباری امور میں معاہدات فائدہ دیں گے۔ اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور ساتھ ہی صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ یہ وقت ایسا ہے کہ اچانک کچھ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا یا کسی پرانے دوست سے ملیں گے۔ ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہونگی وہ ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ عملی طور پر اپنے کام میں بہتری لائیں گے۔ زہرہ ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔ ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ سماجی سرگرمیوں میں عزت و وقار کو بلند کرنے کی کوشش کریں۔ اہم کاروباری معاملات اور فیصلے اس وقت زیادہ موثر نہ ہونگے۔ گھر میں ضرورت سے زیادہ اخراجات ہونگے۔ گھر میں کچھ نئے لوگوں کی آمد ہوگی۔ والدین کی صحت کی پریشانی ہو گی۔ لوگوں سے رابطے تو ہونگے تاہم کوئی مثبت جواب نہ ملے گا۔ تعلیمی معاملات اس وقت بہتر رہیں گے۔

مریخ طالع کے مقابل ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تفریحی سرگرمیوں اور زندگی کے لطیف پہلو پر توجہ دینے کے لئے آپ کے پاس زائد وقت اور روپیہ دونوں چیزیں ہونگی۔ کوائکی رجحانات تخلیقی اور آرٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں بھی ہونگی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میداں کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونے کا وقت آپہنچا ہے۔ وہ افراد جو بہت چمک دمک رکھنے والے پیشوں یا فلم اور تھیٹر کی دنیا میں ترقی کے خواہش مند ہیں اس ماہ کامیابی حاصل کریں گے۔ مریخ ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

برج اسد۔ستارہ شمس

حروف:- م

پیدائش:- جولائی۲۴ تا اگست۲۳

اس ماہ سے بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو ذاتی کام شروع کرنا

چاہتے ہیں یا وہ افراد جو فاضل وقت کی کسی سرگرمی کو نفع بخش طریقے سے استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی یہ ماہ کامیابی لائے گا۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو طالع کے مقابل آجائے گا۔ جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہوجائے گی۔ اگر اپنے کام کی پوزیشن اچھی ہے اور اپنے کام سے مطمئن بھی ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے جب کہ وہ افراد جو کاروباری ہیں انہیں اب سختیاں اور پریشانیاں دور ہوتی محسوس ہونگی۔ وہ افراد جو کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ اطمینان بخش ترقی لائے گا ان معاملات کے لئے ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آسکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت اپنے خیالات کا اظہار برملا کریں۔ جن لوگوں کے ساتھ مخالفتیں چلی آرہی تھیں یا جہاں سے دشمنی شروع ہوئی تھی اس کی جڑ تک پہنچ جائیں گے۔ اس وقت اختلافی معاملے کو حل کرنے کی صلاحیت موجود ہوگی۔ اپنے اندر کی برائیوں کو نکالنے کے لئے اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ موجودہ بیماری یا جو تکلیف آئے گی وہ آپ کی اپنے رویہ اور عادت کی وجہ سے ابھرے گی۔

زہرہ زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بہت سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے اس وقت زہرہ ان سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگا جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس مدآور رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ پہنچے گا۔ جن دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں آپ کی زندگی میں جو واقعات رونما ہونگے وہ آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے۔ چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول اور اچھے تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔ یا کسی جگہ ملاقات ہوگی۔ مندرجہ بالا تاریخیں محبت کی معاملات، ملنے ملانے، گفت شنید یا سیر وتفریح کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہو جائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہوگی کیونکہ اس ماہ زہرہ محبت کے بندھنوں کو مزید مضبوط کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا شادی کی دعوت یا کوئی فنکشن کرنا چاہ رہے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ ایسے قریبی لوگ جو آپ کے ہمدرد ہیں ان سے دور رہنا ہوگا۔ ان کی سوچ آپ پر اثر انداز ہوگی اور آپ بغیر سوچے سمجھے کسی بھی کام میں روپیہ لگائیں گے۔ اس وقت آپ کو مکمل معلومات حاصل نہ ہونگی جس کی وجہ سے نقصان کر بیٹھیں گے۔ کاروباری معاملات میں بھی اپنے اخراجات کو ہر طرح کم کرنے کی کوشش کریں۔ حساب رکھیں اور تمام اہم کاموں کو اپنی نگرانی میں کروائیں۔

عطارد زائچے کے نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو وتد السماء پر آجائے گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط وکتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق گفت شنید کرنے والوں میں آپ بھی شامل ہیں یا کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ کو مدعو کیا ہے تو ان تاریخوں کا انتخاب کریں جب عطاردی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دے گا۔ تاہم اگر آپ ۵، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کرلیں۔ قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ لینا ہے تو شارٹ کٹ اختیار کرنے سے گریز کریں۔

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ب۔ ع

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کا آغاز کردیں اور اپنے روپے کو تحفظ دیں، غیر ضروری اخراجات کو قابو میں کریں اور اپنے لئے مواقع تلاش کریں۔

عطارد زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو نویں گھر میں آجائے گا۔ ہر قسم کے رابطے، گفت شنید، دوستوں کے درمیان ملاقاتیں اور ذہنی سکون حاصل کرنے کے پروگرام بنائیں۔ یہ وقت تحریری کام، لکھنے لکھانے اور پبلشنگ کے کاموں میں دوسرے آپ کی مدد کریں گے جس سے کام کو بہتر طریقے سے انجام دے سکیں گے۔ ان دنوں سفر میں ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی اور ان کے ذریعہ نئی معلومات حاصل ہوگی۔ تاہم وسط

ماہ کے بعد قانونی و تعلیمی معاملات میں غیر ضروری ذہنی ٹینشن ملے گی۔ اعصابی و ذہنی کمزوری سستی پیدا کرے گی۔ ایسے دو چند کر دینے والے خیالات سے دور رہیں جس سے قریبی لوگ اپنے فائدہ کے لیے آپ کی املاک کا استعمال کریں گے۔ تمام امور کا جائزہ لیں تا کہ کسی مشکلات میں پھنس نہ جائیں۔ لوگوں کی باتوں کے ذریعے پریشانی میں مبتلا ہونگے - عطارد ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ یہ وقت اہم تعلقات بنانے، کام کے حصول میں دوست آپ کے مددگار ہونگے جس کے لئے آپ پرامید ہونگے - یہ وقت اہم لوگوں سے تعاون حاصل کرنے، اپنے مقاصد کو پورا کرنے، قرضہ حاصل کرنے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔

زہرہ وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ تاہم زہرہ ۲، ۱۰، ۲۴ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا لہذا ان دنوں احتیاط نہ برتی تو اپنے لئے بڑی آسانی سے مشکلات پیدا کرلیں گے - اگرچہ گھریلو زندگی خوشگوار ہوگی مگر دوسروں کے جذباتی مسائل کی وجہ سے فکر و پریشانی رہے گی۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً" ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب، گروپ، لائبریری، سوشل گروپ یا محفل میں شریک ہونا پڑے انہیں معاشرتی فلاح سے بے حد دلچسپی ہوتی ہے اس قسم کی دلچسپیاں آپ کے معاملات میں بتدریج اہمیت اختیار کر جائیں گی۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ کاروباری معاملے اور شراکت داری کے امور میں اس وقت ناخوشگوار واقعہ ہوسکتا ہے۔ کسی شخص کے نکل جانے سے کئی معاملات التواء کا شکار ہوں گے یا کوئی جھگڑا علیحدگی کا باعث بنے گا۔ اس وقت ذہنی بے چینی اور اضطرابی کیفیت کا شکار ہوں گے۔ روپے کی وصولیابی میں رکاوٹ کی وجہ سے کچھ معاملات ہاتھ سے نکل سکتے ہیں جس کی وجہ سے صحت میں خرابی کا اندیشہ ہے۔

مریخ زائچے کے پانچویں گھر میں موجود ہو گا اور ۱۷ تاریخ کو چھٹے گھر میں آ جائے گا۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں کی موافقت میں ہوگی۔ مریخ ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں - تاہم ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اور غلطیاں بھی کر سکتے ہیں۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی و نسبت کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت گوں ناگوں واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات بہت اہمیت کی حامل ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سلسلے میں ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں لاسکتی ہیں۔ اس ماہ پڑوسی، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ تر توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا۔

برج میزان۔ ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ ٹ۔ ر۔ ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

اپنے ذاتی مالیاتی امور میں فائدہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ مالی امور کے کام میں جو سست روی آئی تھی اب اچانک تبدیلی نظر آئے گی۔ اس ماہ اچانک بیرون ملک سے خوش خبری ملے گی یا بہت پرانا دوست ملے گا۔ جس کی مدد سے نئے کیریئر کا آغاز کریں گے۔

زہرہ زائچے کے نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو وتد السماء پر آ جائے گا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے اختیار کیا ہو یا تفریحی نوعیت کا ہو موافق ثابت ہوگا۔ درحقیقت یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری سفر یا عمرہ وغیرہ کے لے جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا - زہرہ اس ماہ کی ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیر و تفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی۔ آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے زیادہ موافق ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں آپ سفر بھی کریں گے۔ کچھ خوشگوار نوعیت کی خبریں اور واقعات آ سکتے ہیں۔ تاہم ۲، ۱۰، ۲۴ تاریخ کو محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کر بیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ کاروباری و مالی معاملات میں کچھ ایسے بھی موقع آئیں گے کہ جب دوسرے لوگ مدد کریں گے۔ دوست اور قریبی لوگوں کا تعاون ملے گا۔ ترقی اور تنخواہ الاؤنس سے متعلقہ معاملات میں پیش رفت ہوگی۔ ایسے افراد جو کاروبار یا ملازمت میں دوست ہیں ان پر اپنی گرفت مضبوط کریں۔ والدین کی صحت کے معاملات میں سوجھ سمجھ سے کام لیں گے۔ دوستوں کے ساتھ نئی سرگرمیاں شروع کرنے کا موقع ملے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور شراکت داری کے معاملات بہتر رہیں گے۔

عطارد طالع کے مقابل گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو آٹھویں گھر میں آجائے گا۔ اس دوران وہ دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا۔ لوگوں کے ساتھ رابطہ کریں اور محفلوں میں شرکت کر کے تعلقات میں اضافہ کریں۔ یہ وقت ذہن کو تروتازگی عطا کرے گا۔ کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے یہ ماہ مفید رہے گا تعلقات قائم کریں، اہم معاہدات پر دستخط کریں اور نئے خیالات پر عمل کرنے کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ ان تمام معاملات کے لئے ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ ان تاریخوں میں اہم خطوط لکھنے، نشرواشاعت، سیروتفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاہدات کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی۔ تاہم ۵، ۲۱، ۲۸ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ ایسے قریبی لوگ جو آپ کے ہمدرد ہیں ان سے دور رہنا ہوگا۔ ان کی مشورہ اور خیالات اثر انداز ہونگے جس سے بغیر سوچے سمجھے کسی بھی کام میں روپیہ لگائیں گے۔ اس وقت آپ کو مکمل معلومات حاصل نہ ہوگی جس کی وجہ سے نقصان کر بیٹھیں گے۔ کاروباری معاملات میں اپنے اخراجات کو ہر طرح سے کم کرنے کی کوشش کریں۔ حساب رکھیں اور تمام اہم کاموں کو اپنی نگرانی میں کروائیں۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو پانچویں گھر میں آجائے گا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی سے گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہذا اگر گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہرگز مول نہ لیں۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو چھوٹے بچوں پر خاص طور پر نگاہ رکھیں کیونکہ ان دنوں شرارت اور سرکشی اختیار کریں گے۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنادے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت کرنی ہے یا کسی فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہو گا۔ مریخ ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک و شبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن

پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ عقربی افراد محبت کے معاملات، خاندانی امور اور کاروباری لحاظ سے بہتری محسوس کریں گے۔ تاہم کوئی نئی سوچ اور ترجحات قانونی معاملات میں ملوث کرسکتی ہیں۔

مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ اس کی موجودگی خاندانی رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں غیر ضروری پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا بلکہ بھائیوں کے قریبی دوستوں کے ساتھ اختلافی مسائل جنم لے سکتے ہیں۔ سوشل سرگرمیوں میں قریبی افراد مددگار ثابت ہونگے۔ آپ میں غصہ اور اجڈ پن زیادہ ہوگا جس کی وجہ سے غلطیاں کریں گے۔ تحریری کام کو سوچ سمجھ کر کریں۔ محبت کسی بھی وجہ سے ہو زندگی میں شامل ہوگی۔ نئے تعلقات نئے دوست داخل ہونگے۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما ہوگی۔ سوچ اور خیالات کے علاوہ فیصلہ کرنے میں اور باقوت قدم اٹھانے میں بھی آسانی رہے گی۔ اور خود اعتمادی بھی پیدا ہوگی۔ مریخ ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ جاہ طلبی کے معاملات زیادہ وقت لیں گے۔ کاروباری اور شراکتی معاہدات موافق رہیں گے۔ زمین کی خریداری کے ذریعے سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لوگ ان دنوں آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ روپیہ لگانے اور نئے ذرائع کے حصول کی کوشش فائدہ دیں گی۔ ان دنوں اچانک خوشیاں ملیں گی۔ گم ہوا مال یا ترکہ اچانک ملے گا۔

عطارد زائچے کے چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو طالع کے مقابل گھر میں آجائے گا۔ اگر کسی کاروبار یا روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضع ہو جائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی۔ اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے یا نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہو گا۔ تمام افراد کے لئے بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں اور پھر ایک مضبوط اور مستحکم بنیاد قائم کرنے کی طرف توجہ دیں تاکہ اسی بنیاد پر مستقبل میں منصوبوں کی تعمیر کرسکیں۔ ملازمت کے لئے درخواستیں ارسال کرنے، انٹرویو دینے، معلومات حاصل کرنے اور کسی بھی نوعیت کے ذاتی کام کا آغاز کے لئے ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ اس وقت آپ کو اپنی صحت کی طرف بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہوگی۔ قانونی معاملات اس وقت زیادہ رہنمائی نہ کریں گے۔ اپنی ذات سے متعلقہ کاموں کو مزید آگے نہ بڑھائیں۔ کاروباری معاملات سے متعلق اہم فیصلے کرنے سے گریز کریں۔ معاہدات بھی اس وقت زیادہ فائدہ نہ دیں گے۔

زہرہ زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہو گا اور ۲۰ تاریخ کو نویں گھر میں آجائے گا۔ یہ

زائچے کے اس گھر میں ہوگا جس کا تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔ اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ جائیداد کے معاملات کے لئے بھی یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ چنانچہ اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو اس سعد وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے قدم اٹھائیں۔ وہ افراد جو شادی شدہ ہیں یا جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا۔ حالات جو بھی ہوں بہرحال ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ وہ افراد جن کی کسی نہ کسی وجہ سے شریک زندگی سے کچھ عرصے سے علیحدگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا زبردست امکان ہے کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو جائے گا۔ اس قسم کی بات اس دن ہوسکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

اس ماہ قریبی رشتہ دار اور دوستوں کے ساتھ کسی معاملے میں پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ تاہم محبت کے معاملات آپ کے لئے انا کا مسئلہ بن سکتے ہیں۔ کاروبار کو بڑھانے اور وسیع بنیادوں پر استوار کرنے کے لئے اہم قدم اٹھانا بہتری لائے گا۔

ستارہ زہرہ طالع کے مقابل ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو آٹھویں گھر میں آجائے گا۔ اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کا انتخاب کریں۔ یہ تاریخیں محبت کے معاملات کے لئے بھی موافق ثابت ہوگی۔ ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر پالیسی یہ ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں کام کریں ویسے لوگوں کو ہم رائے بنانا اور ان کا دل جیتنا اتنا مشکل نہ ہوگا۔ مالی لحاظ سے یہ ماہ آپ اور آپ کے شریک دونوں کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ مالی طور پر غیر ضروری خطرات مول نہ لیں اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ دوستوں کے ذریعے کام اور کاروباری معاملات کو بہتر بنا سکیں گے۔ کام آپ کی توقعات سے بڑھ کر ہوں گے۔ ایسی رقم جس کی وصولی نہیں ہو رہی تھی اچانک وہ رقم حاصل ہوگی۔ پرانے دوستوں سے اچانک ملاقات ہوگی۔ جو ہر ممکنہ طور پر مدد کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ اہم بااثر افراد کا تعاون حاصل کرنے میں آسانی ملے گی۔ اپنی قابلیت بڑھانے کے لئے تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور جو کچھ ہو سکے حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو چھٹے گھر میں آجائے گا۔ لوگوں کے ساتھ میل ملاقات، رابطے اور گفت شنید میں بہتری ملے گی۔ کاروباری تحریری کام، پبلشنگ، مضامین یا تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ کسی نئے شعبے صحافت، ایڈیٹر شپ میں مہارت حاصل کریں، ان امور میں لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ آپ جس فلیڈ میں اپنا کام کر رہے ہیں آپ کی تمام محنت اور کوششیں موافق ثابت ہونگی۔ صحت کی طرف سے آگاہ رہیں۔ اعصابی کمزوری اور بے چینی سستی پیدا کرے گی۔ شریک زندگی کے ساتھ یا دفتر میں ساتھ کام کرنے والی خواتین سے بہتر تعلقات رہیں گے اور کام کے رجحان سے بہتر کارکردگی دیکھا سکیں گے۔ نشر و اشاعت یا پبلیشنگ سے متعلقہ کاموں میں بہتری آئے گی۔ جو لوگ آپ کے مقابلہ کے ہیں۔ ان کے ساتھ ملاقات کر کے معاملات کو طے کریں۔ قانونی امور یا دیگر امور کے لئے ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ کاروباری معاملے اور شراکت داری کے امور میں اس وقت ناخوشگوار واقعہ پیش آسکتا ہے۔ اس وقت لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ لوگ اپنی آمدنی بڑھانے کے لیے مدد لیں گے۔ روپے کی وصولیابی میں رکاوٹ کی وجہ سے کچھ معاملات ہاتھ سے نکل سکتے ہیں جس کی وجہ سے ڈپریشن ہوگا۔

مریخ خانہ مال میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ یعنی کاروباری روپیہ کے لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہو گی۔ حالات جہاں روپیہ کمانے میں پوری مدد کرتے ہیں وہاں یکدم اخراجات بھی بھاری بوجھ لاتے ہیں۔ اس ماہ لین دین اور حسابات میں جلد بازی سے غلطیاں آئیں گی۔ وسط ماہ کے بعد حالات میں بہتری آنی شروع ہو گی۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پا سکیں گے۔ کاروباری افراد کے ساتھ تحمل مزاجی سے کام لیں۔ مشکلات کا وقت اب ختم ہو رہا ہے۔ کھیل اور مہم جو قسم کے کام اور سیر و تفریح کے کاموں میں حصہ لے کر اپنی باصلاحیت قوتوں کو اجاگر کر سکیں گے۔ مریخ ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

برج جدی۔ستارہ زحل

حروف:۔
ج۔خ۔گ

پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

اس ماہ مالی معاملات زیادہ پریشانی کا باعث بنیں گے۔ قریبی رشتہ دار یا سفر میں کوئی شخص آپ کی زندگی میں داخل ہوگا جو آپ کے لئے خوش بختی لائے گا۔ تاہم کام اور کیریئر کے معاملات میں موجود رکاوٹیں مزید کاموں کو لیٹ کردیں گی۔

عطارد زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو پانچویں گھر میں آجائے گا۔ چنانچہ یہ وقت سوشل ملاقاتوں، روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے اور پرانے دوستوں سے تعلقات کی تجدید کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں کی طرف رہے گی اگر ان سرگرمیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا نئے خیالات پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت ان مقاصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ پانچویں گھر میں موجودگی زائد خوش بختی لائے گی۔ اگر انعامی اسکیم، کھیلوں اور ایسے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جتنے کے لئے خوش قسمتی کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ وقت ان معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ تاہم ۵، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو ان سرگرمیوں سے دور رہیں کیونکہ ان دنوں عطارد غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ وہ افراد جو تعلیم اور تدریسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں اس وقت ترقی کا موقع ملے گا۔ بچوں کی صحت اور بہتری سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا اگر آپ کے بچے ہیں تو ان کی وجہ سے خوشی کا موقع ملے گا۔ اپنی صلاحیتوں کو نظر انداز کیا ہوا ہے۔ تو اب آ گیا ہے کہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنائیں۔ تعلیمی قابلیت میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ قریبی شخص سے مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ زندگی میں کسی نئے شخص کا اضافہ ہوگا۔ جس کی وجہ سے خوشیاں حاصل ہونگی۔ محبت کے معاملات ہوں یا شادی، نسبت کے ان امور کے لیے موافق رہے گا۔ زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے سے سوچ اور خیالات کے انداز کو تبدیل کردے گا۔ دوست اس وقت بہت ساتھ دیں گے۔ خط یا خبر سے خوشی ملے گی۔

زہرہ زائچے کے چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۶ تاریخ کو طالع کا مقابل آجائے گا۔ لہذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ لہذا اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں، جبکہ وہ افراد جنہیں حال ہی میں کام اور روزگار کے معاملات میں یا دفتر میں مشکل حالات کا سامنا رہا ہے وہ حالات میں بہتر تبدیلی دیکھیں گے۔ ساتھ کام کرنے والے افراد سے تعلقات کو بہتر بنادے گی۔ زہرہ محبت کے معاملات پر حکومت کرتا ہے۔ چنانچہ اس ماہ کی ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ دراصل بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کا ماحول ان کی زندگی میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس وقت گہرے جذباتی تضادات بھی ابھر کر سامنے آسکتے ہیں ان مسائل کو پس پشت ڈالنے کے بجائے انہیں حل کرنا آپ کے حق میں مفید ثابت ہوگا۔ اس ماہ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔ اگر ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں بہت سرگرمی اور جوش پیدا ہو جائے گا۔ باہر جانے اور لوگوں سے ملنے، نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کے زائد موقع ملے گا۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ ہر قسم کے معاہدات، لین دین، بینک سے متعلقہ کام، انشورنس کے معاملات اس وقت زیادہ فائدہ مند نہ ہونگے۔ کوئی معاملہ اس وقت رکاوٹ کا باعث بنے گا۔ والدین سے متعلقہ معاملات یا جائیداد سے متعلقہ مشورے، ان تمام کاموں کے لیے مشورہ ضرور کریں اور کسی فیصلے تک پہنچنے کی کوشش کریں۔ اس وقت سفر حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔ یا صحت کی طرف سے زیادہ پریشانی ہوگی۔

مریخ شروع ماہ سے طالع میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو خانہ مال میں داخل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت ان افراد کے لئے جاہ طلب اور مہم جو قسم کے افراد کے لئے ترقی پذیر اور تیز رفتار ثابت ہوگا۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے آپ اپنے اندر زیادہ ہمت و قوت، جرت اور خود اعتمادی محسوس کریں گے اور پوری قوت عمل سے اپنے آپ کو آگے بڑھا کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔ فی الحال جو چیز آپ کے نزدیک سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے اس میں تسلی بخش ترقی کرسکیں گے۔ اس ماہ اہم اقدامات کے لئے ان دنوں کا انتخاب کریں جب مریخ سعد نظرات کے تحت ہو۔ مریخ ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لیکن جن دنوں مریخ غیر موافق نظرات کے تحت ہو ان دنوں کسی کو اس بات کا موقع نہ دیں کہ آپ کو دہشت زدہ کرسکے یا جھگڑے یا بحث پر آمادہ کرسکے۔ مریخ ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

ضروری معلومات

جب آپ منی آڈر یا ڈرافٹ کے ذریعہ رقم ارسال کریں تو مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیں۔

۱۔ رسالے کے لئے ڈرافٹ بنام رسالہ روحانی دنیا کا بنائیں۔

۲۔ کتابوں کے لئے ڈرافٹ بنام ارواق پبلشر کا بنائیں

۳۔ رسالہ/کتابوں کے لئے منی آرڈر ارسال کررہے ہیں تو نچلے حصہ میں کتابوں کے نام لکھیں اور اگر رسالے کے لئے ہے تو خریداری نمبر لکھیں۔

۴۔ لوح/نام یا زائچہ کے لئے منی آڈر ارسال کررہے ہیں تو نچلے حصہ میں تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش اور نام معہ والدہ اور لوح کا نام ضرور تحریر کریں۔

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:۔ س۔ش ث۔ص

پیدائش:۔ جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

اس ماہ کئی کام قریبی لوگوں کی وجہ سے رک جائیں گے۔ جن لوگوں کے ذریعے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کریں گے وہ وقت برباد کریں گے۔ صحت کے معاملات پریشانی کا باعث بنیں گے۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے بارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو طالع میں آ جائے گا۔ یہ ماہ آپ کے اردگرد زبردست سرگرمی کا سبب بنے گا۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات معمولی نوعیت کی گھریلو تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔ تاہم ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر اندر ہی اندر کوئی دشمنی، اختلاف یا غلط فہمیاں پریشان کر رہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کوا کبی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ تاہم ان غیر موافق تاریخوں میں وہ افراد جن کی اپنی سواری ہے اور خود ہی چلاتے ہیں انہیں بے حد محتاط رہنا چاہئے۔ ان دنوں تیز رفتاری کے نتیجے میں حادثہ ہوسکتا ہے۔ مشینری کے ٹوٹنے کا خطرہ بھی ہے۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ خاندانی یا سسرالی لوگوں کی تقریب میں شرکت سے سوشل سرگرمیاں بڑھ جائیں گی۔ شریک زندگی کے ساتھ دور دراز کا سفر کریں گے تو خوشیاں بھی حاصل ہونگی۔ زندگی میں کسی شخص کی آمد سے خوشی آئے گی۔ یہ وقت شادی یا نسبت طے کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ دوست بڑھ چڑھ کر ساتھ دیں گے۔

عطارد زائچے کے تیسرے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو چوتھے گھر میں آ جائے گا۔ امکان ہے کہ گھر میں خلاف معمول زیادہ مہمان آئیں گے یا کم عمر بچے اور نوجوان بچے آپ کی روزمرہ کی سرگرمیوں میں سرگرم کردار ادا کریں گے۔ اگر کوئی مشکل فیصلہ کرنا ہے اور کر نہیں پا رہے ہیں تو والدین سے مشورہ لیں یا پھر بزرگوں سے مشورہ لینے میں بالکل نہ ہچکچائیں۔ وہ افراد جن کے بچے ہیں وہ بے حد مصروف رہیں گے لہذا اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھیں کوئی حادثہ یا تکلیف آپ کو بے چین کر دے گا۔ غیر ضروری چیزوں کو گھر سے نکالنے اور اس کی ازسرنو آرائش اور مرمت کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ کام عمدہ اور تیزی کے ساتھ تکمیل پا جائے گا۔ کیونکہ اس وقت عطارد گھریلو معاملات سے متعلقہ گھر میں موجود رہے گا۔ عطارد ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا گھر میں دعوت، پارٹی، قریبی افراد کے ساتھ میل ملاقات، گفت شنید، کسی زمین کی خریداری یا گھر کی تبدیلی کے لئے موافق ثابت ہوگی۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ کاروباری معاملے اور شراکت داری کے امور میں اس وقت ناخوشگوار واقعہ ہوسکتا ہے۔ کسی شخص کے نکل جانے سے کئی معاملات التواء کا شکار ہوں گے یا کوئی جھگڑا علیحدگی کا باعث بنے گا۔ اس وقت ذہنی بے چینی اور اضطرابی کیفیت کا شکار ہوں گے۔ روپے کی وصولیابی میں رکاوٹ کی وجہ سے کچھ معاملات ہاتھ سے نکل سکتے ہیں جس کی وجہ سے صحت میں خرابی کا اندیشہ ہے۔

زہرہ زائچے کے پانچویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر و تفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ ان افراد کے لئے محبت کے معاملات بے حد موافق ثابت ہونگے۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا۔ زہرہ ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں۔ محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی لائے گا۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے یا جو نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے وہ ان معاملات میں آپ کے ہم خیال نکلیں گے۔ ایسے افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔ تاہم زہرہ ۲، ۱۰، ۲۴ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دونوں انعامی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

المعتبر

یہ ایک مختصر اسلامی تاریخ ہے۔ جس سے ہر مسلمان کا آگاہ ہونا ضروری ہے۔ پیدائش رسول مقبول ﷺ سے لے کر دور امیہ تک کے ہر سال کی ہر تاریخ کے واقعات بیان کئے گئے ہیں اور خلفائے راشدین کے دور کے متعلق پوری تفصیل دی گئی ہے۔ آخر میں اہم شجرے ہیں۔ جن سے ہمیں مذہب کے فرقوں کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے۔ (قیمت =/۱۵۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

برج حوت۔ستارہ مشتری، نپچون

حروف:- د۔چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ کے پہلے پندرہ دنوں میں اپنے ماحول کے مطابق تبدیلی پیدا کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ کیونکہ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی جو آپ کو تکلیف میں مبتلا کریں گی۔

زہرہ زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہوگا اور ۲۰ تاریخ کو پانچویں گھر میں آجائے گا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی معاملات پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب ہو رہے ہیں ان معاملات میں اگر حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی ہوئی ہے یا والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو اب حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ گھر کی ازسرنو آرائش اور گھر میں چند نئی اشیائے تعیشات کے اضافہ اور اپنے آس پاس کے ماحول کو بہتر بنانے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پا جائیں گے اور وہ افراد جو گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۸، ۱۳، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

۱۸ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ انعامی اسکیم میں جو روپیہ لگانے کا موقع ملے گا۔ کسی شخص کی آمد قسمت میں تبدیلی لائے گی۔ دوسروں کا روپیہ آپ کے اہم مقاصد کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ والدین کی جائیداد کی منتقلی میں آسانی ملے گی۔ اس ماہ زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ شادی یا نسبت طے ہو جائے گی۔ اولاد کے مستقبل کے تحفظ کے لئے زمین، مکان یا انعامی اسکیموں میں حصہ لے کر فائدہ اٹھا سکیں گے۔

عطارد خانہ مال میں موجود ہوگا اور ۱۴ تاریخ کو تیسرے گھر میں آجائے گا۔ سیر و تفریح، قریبی رشتہ دار اور سوشل سرگرمیوں کے لحاظ سے معاملات سست رہیں گے۔ سوشل زندگی اور ذاتی مصروفیت کے کاموں میں رکاوٹیں بھی حائل رہیں گی۔ قریبی افراد آپ کے ساتھ تعاون کریں گے۔ وہ افراد جو پارٹی یا دعوت کرنا چاہتے ہیں اور ان دوستوں اور ملنے جلنے والوں کے حلقے میں وسعت پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کو سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ ان کے لئے ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۳ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ اس ماہ بہن، بھائی کے ساتھ تعلقات بہتر ہو جائیں گے، تاہم ان کی ضرورتوں کے پیش نظر زائد سفر اختیار کرنے پڑیں گے۔ اس ماہ قریبی رشتہ دار یا کسی دوست سے متعلق ایسی خبریں ملیں گی جس کے نتیجے میں آپ کو اپنے منصوبوں میں تبدیلی لانی پڑے گی اور کوئی خوشگوار سفر اختیار کرنا پڑے گا۔ مستقبل میں اگر کاروبار یا تفریح کی غرض سے سفر کرنا چاہتے ہیں تو اس کے انتظامات کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

۲۳ تاریخ کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ سماجی سرگرمیوں میں عزت و وقار کو بلند کرنے کی کوشش کریں۔ اہم کاروباری معاملات اور فیصلے اس وقت زیادہ موثر نہ ہونگے۔ گھر میں ضرورت سے زیادہ اخراجات ہونگے۔ گھر میں کچھ نئے لوگوں کی آمد ہوگی۔ والدین کی صحت کی خرابی سے پریشانی ہوگی۔ لوگوں سے رابطے تو ہونگے تاہم کوئی مثبت جواب نہ ملے گا۔ تعلیمی معاملات اس وقت بہتر رہیں گے۔

مریخ شروع ماہ سے زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۷ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ اس ماہ دوسروں کے تعاون سے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں، گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں تو یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا۔ دوست ہر طرح سے مدد اور تعاون کریں گے۔ اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کر کے اور سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے کر بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ وہ افراد جو سماجی و سیاسی اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ کوئی بھی جرت مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہیں گھبرائیں۔ بلکہ اپنے قدم آگے بڑھانے کی کوشش کریں ان تمام معاملات کے لئے ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۴، ۲۹ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے۔ ۱۳، ۲۰، ۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں۔

برقی فیتہ

یہ فیتہ صرف بچوں کے لئے ہے۔ اس کو گلے میں ڈالنے سے بچوں کے دانت بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے نکلتے ہیں۔ دانت نکلنے سے بچوں کو جو تکلیفیں ہو جاتیہیں۔ مثلاً دست آنا، آنکھیں دکھنا، درد، بخار طبیعت کا چڑچڑا پن وغیرہ ان سب سے بچہ محفوظ رہتا ہے۔ اگر اس برقی فیتہ کو ایسے درخت پر باندھ دیں جس پر کیڑے پیدا ہو کر اسے تباہ کر رہے ہوں۔ تو کیڑے دور ہو جائیں گے۔

ہدیہ ۱۵۰ روپے محصولڈاک ۵۵ روپے

ماہ مئی کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈر ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۱۰ درجہ برج ثور پر ہوگا۔ ۲۲ تاریخ کو برج جوزا میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۹ درجہ برج جوزا پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۱۳ درجہ برج حمل پر ہوگا۔ ۱۴ تاریخ کو برج ثور میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو برج جوزا میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲ درجہ برج جوزا پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۷ درجہ برج جوزا پر ہوگا۔ ۱۷ تاریخ کو برج سرطان میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۳ درجہ برج سرطان پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۲۳ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ ۱۷ تاریخ کو برج دلو میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۵ درجہ برج دلو پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۱۹ درجہ برج عقرب پر بحالت رجعت ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۵ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۹ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ بحالت رجعت ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۷ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲۹ درجہ برج حمل پر ہوگا۔ ۱۶ مئی کو برج ثور میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو صفر درجہ برج ثور پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۵ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۶ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۲۱ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ بحالت رجعت ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۰ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۱۰ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۸ درجہ برج دلو پر حرکت کریگا۔

یکم کو یوم مئی، ۲ کو شب برات، ۵ کو عرس شہباز قلندرؒ، سہون، ۹ کو شرف مریخ، ۱۲ کو اوج زہرہ، ۱۳ کو عطارد در ثور، شرف قمر، ۱۵ کو یورنس در ثور، ۱۶ کو مریخ در دلو، نیا چاند ☾، حضیض عطارد، ۱۷ کو یکم رمضان ۱۴۳۹ھ، ۱۹ کو زہرہ در سرطان، ۲۱ کو شمس در جوزا ★★، ۲۶ قمر در عقرب، ۳۰ کو عطارد در جوزا ہوگی۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ مئی ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	علمی ہدایت ورہنمائی
				(منگل ۱ مئی ۲۰۱۸ء)
م	۰۰:۱۰	D☌♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔کسی نیک کام میں حصہ لیں۔
س	۳:۴۲	D✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں، مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا، نئی سمت نظر آئے گی۔
س	۷:۵۵	D✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
				(بدھ ۲ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۱۴:۲۰	D☍♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
				(جمعرات ۳ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۲:۵۷	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
ن	۳:۰۹	D□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
				(جمعہ ۴ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۵:۴۹	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(ہفتہ ۵ مئی ۲۰۱۸ء)
م	۱:۰۱	D☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۱۲:۵۱	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
س	۱۵:۱۶	D✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۲۰:۵۹	D✶♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی، اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۲۲:۳۷	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
				(اتوار ۶ مئی ۲۰۱۸ء)
م	۱:۵۹	D☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
س	۱۱:۱۹	D☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں، اہم فیصلے کریں، تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
ن	۱۸:۴۷	D□♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی، مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
س	۱۹:۰۵	☉✶♆	شمس تسدیس نپ چون	دوستوں کے ساتھ سیر وتفریح کے لئے بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں اور جدت پسندی کو بڑھانے کا وقت۔
				(پیر ۷ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۱۳:۴۸	☿□♇	عطارد تربیع پلوٹو	مفاد واشتراک کے کام میں حصہ نہ لیں، خاندانی جھگڑا ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے، منفی سوچ غالب رہے گی
				(منگل ۸ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۰۵	♀□♆	زہرہ تربیع نپ چون	خوشیاں منانے کے پروگراموں میں تبدیلی ہوگی، اخراجات پر قابو رکھیں، بے جا تنقید ہوگی۔
س	۴:۲۴	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت، سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
ن	۷:۰۸	D□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
ن	۹:۱۰	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین، بینک، قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں، کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
س	۱۷:۵۰	D✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
				(بدھ ۹ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۵:۳۸	☉☍♃	شمس مقابلہ مشتری	اہم معاہدات اور خاندانی تعلقات میں اختلاف بڑھ جائے گا، الگ ہونے یا رشتہ ٹوٹنے کا اندیشہ ہے۔

س	۷:۲۸	D ✶ ♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
				(جمعرات ۱۰ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۱:۲۱	D ✶ ♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
م	۱۵:۲۷	D ☌ ♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
س	۱۹:۲۵	D △ ♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں' کسی بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں' قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
ن	۲۱:۴۳	D □ ♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
س	۲۲:۵۷	D ✶ ☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
				(جمعہ ۱۱ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۱:۱۲	D ✶ ♇	قمر تسدیس پلوٹو	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کریں' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں سے فائدہ۔
س	۱۴:۰۱	D ✶ ♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
				(ہفتہ ۱۲ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۴:۰۵	☉ △ ♇	شمس تثلیث پلوٹو	باہمی مفاد و اشتراک کے کاموں میں نفع حاصل ہوگا' اہم کام سرانجام پا سکتے ہیں۔
ن	۹:۳۴	D □ ♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
ن	۱۸:۲۹	☿ □ ♂	عطارد تربیع مریخ	تعلق بنانے اور اظہار خیال میں انتشار و رکاوٹ ہوگی۔ کوئی اہم معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا۔
				(اتوار ۱۳ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۷:۵۳	D □ ♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۱۰:۰۰	D ✶ ♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
م	۱۵:۴۸	☿ ☌ ♅	عطارد قران یورنس	نئے تعلقات بنیں گے' کسی شخص کی محبت ذہنی دباؤ پیدا کرے گی' شک و وہم پیدا ہوگا۔
ن	۲۱:۳۰	D □ ♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
م	۲۳:۰۴	D ☌ ♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
م	۲۳:۵۶	D ☌ ☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں' تحریر و تقریر کے لئے موافق۔
				(پیر ۱۴ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۱۳:۵۷	D △ ♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
				(منگل ۱۵ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۲:۴۳	D ✶ ♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
ن	۵:۰۷	D □ ♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے' ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
س	۱۱:۰۴	D △ ♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
م	۱۶:۴۷	D ☌ ☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
				(بدھ ۱۶ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۱:۲۹	D △ ♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۱۲:۰۰	♂ □ ♅	مریخ تربیع یورنس	کسی کے ساتھ شراکت داری نہ کریں' معمولی بات جھگڑے کا باعث بنے گی۔
				(جمعرات ۱۷ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۱۶	D □ ♆	قمر تربیع نپ چون	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام نہ کریں۔
م	۲۳:۱۷	D ☌ ♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہو سکتی ہیں۔
				(جمعہ ۱۸ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۲:۵۸	D ✶ ♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔

عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔	قمر تسدیس عطارد	D ✶ ☿	۱۵:۵۰	س	
بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو جائیگا۔	قمر مقابلہ زحل	D ☍ ♄	۱۶:۳۳	ن	
جائیداد اور زمینداری کے کاموں میں بہتری ملے گی۔ معاہدات کے لئے بہتر وقت۔	عطارد تثلیث زحل	☿ △ ♄	۲۱:۴۸	س	
(ہفتہ ۱۹ مئی ۲۰۱۸ء)					
اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔	قمر تثلیث نپ چون	D △ ♆	۵:۲۳	س	
قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔	قمر تثلیث مشتری	D △ ♃	۶:۴۶	س	
اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔	قمر مقابلہ پلوٹو	D ☍ ♇	۱۳:۲۵	ن	
نئے لوگ خوشی کا پیغام لائیں گے۔ نئی منصوبہ بندی اور حکمت عملی کے لیے موافق وقت۔	زہرہ تسدیس یورنس	♀ ✶ ♅	۲۲:۲۸	س	
(اتوار ۲۰ مئی ۲۰۱۸ء)					
گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔	قمر تسدیس شمس	D ✶ ☉	۲:۱۳	س	
خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔	قمر تربیع یورنس	D □ ♅	۴:۳۲	ن	
سفر و مشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔	قمر مقابلہ مریخ	D ☍ ♂	۶:۳۶	ن	
(پیر ۲۱ مئی ۲۰۱۸ء)					
خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔	قمر تربیع عطارد	D □ ☿	۰۰:۳۰	ن	
اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔	قمر تربیع مشتری	D □ ♃	۸:۲۹	ن	
(منگل ۲۲ مئی ۲۰۱۸ء)					
اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔	قمر تثلیث یورنس	D △ ♅	۷:۳۷	س	
اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔	قمر تربیع شمس	D □ ☉	۸:۴۸	ن	
عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔	قمر تسدیس زہرہ	D ✶ ♀	۱۲:۴۶	س	
روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔	قمر تثلیث زحل	D △ ♄	۲۱:۱۸	س	
(بدھ ۲۳ مئی ۲۰۱۸ء)					
رجحان اور خیالات منفی ارادے لا سکتے ہیں' کچھ لوگوں کی باتیں ذہن میں پرورش پائیں گی۔	عطارد تسدیس نپ چون	☿ ✶ ♆	۷:۱۷	س	
ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا۔ جو آپ کے خیالات اور اختیارات کو تبدیل کرنے کی کوشش کریں گے۔	عطارد مقابلہ مشتری	☿ ☍ ♃	۱۰:۵۳	ن	
اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔	قمر مقابلہ نپ چون	D ☍ ♆	۱۱:۲۹	ن	
ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔	قمر تسدیس مشتری	D ✶ ♃	۱۱:۵۸	س	
ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔	قمر تثلیث عطارد	D △ ☿	۱۲:۰۹	س	
خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔	قمر تثلیث پلوٹو	D △ ♇	۱۹:۵۴	س	
(جمعرات ۲۴ مئی ۲۰۱۸ء)					
یہ وقت اہم مالی و کاروباری معاملات کے لئے سودمند ثابت ہوگا۔	شمس تثلیث مریخ	☉ △ ♂	۷:۳۸	س	
مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔	قمر تثلیث مریخ	D △ ♂	۱۷:۱۸	س	
خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔	قمر تثلیث شمس	D △ ☉	۱۷:۴۷	س	
تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔	قمر تربیع زہرہ	D □ ♀	۲۳:۰۲	ن	
(جمعہ ۲۵ مئی ۲۰۱۸ء)					
قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔	قمر تربیع زحل	D □ ♄	۲:۲۷	ن	
ترقیوں اور مالی خوش بختیوں کے لیے اس وقت عملی قدم اٹھائیں۔ آپ کی صلاحیتیں عروج پر لے جائیں گی۔	یورنس تثلیث مشتری	♅ △ ♃	۱۳:۴۱	س	
غیر معمولی محنت ناقابل یقین کامیابی سے ہمکنار کر سکتی ہے' رسم و رواج میں تبدیلی آ سکتی ہے۔	عطارد تثلیث پلوٹو	☿ △ ♇	۱۸:۳۵	س	

					(ہفتہ ۲۶ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۰۳	D □ ♀	قمر تربیع پلوٹو		قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں- وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں-
ن	۱۱:۳۹	♀ ☍ ♄	زہرہ مقابلہ زحل		خاندانی اختلافات بڑھ جائیں گے' شراکتی معاملات اور خرید وفروخت میں احتیاط رکھیں-
ن	۱۹:۴۱	D ☍ ♅	قمر مقابلہ یورنس		ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے-
					(اتوار ۲۷ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۴۵	D □ ♂	قمر تربیع مریخ		یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے-
س	۹:۳۳	D ✶ ♄	قمر تسدیس زحل		رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی-
س	۱۱:۵۴	D △ ♀	قمر تثلیث زہرہ		ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا- خوشیاں اور سیر وتفریح کے لئے وقت نکالیں-
					(پیر ۲۸ مئی ۲۰۱۸ء)
م	۰۰:۴۷	D ☌ ♃	قمر قران مشتری		جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے- کسی نیک کام میں حصہ لیں-
س	۱:۲۳	D △ ♆	قمر تثلیث نپ چون		اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے- اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں-
س	۱۰:۱۱	D ✶ ♇	قمر تسدیس پلوٹو		اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی-
ن	۲۲:۲۴	D ☍ ☿	قمر مقابلہ عطارد		دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی-
					(منگل ۲۹ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۱۲:۱۹	D ✶ ♂	قمر تسدیس مریخ		اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی-
ن	۱۹:۱۹	D ☍ ☉	قمر مقابلہ شمس		سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی-
					(بدھ ۳۰ مئی ۲۰۱۸ء)
ن	۱۱:۲۵	D □ ♆	قمر تربیع نپ چون		کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا-
					(جمعرات ۳۱ مئی ۲۰۱۸ء)
س	۱۶:۰۱	D △ ♅	قمر تثلیث یورنس		اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا-

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ' لیڈیری' شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔
۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔
۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سیریع التاثیر ہے۔
۴۔ ذرائع آمدن' سرمایہ کاری' گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ' ڈالر' پاونڈ' یورو' لاٹری' بانڈز وشیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔
۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔
۶۔ قلبی امراض' وجع المفاصل (گٹھیا)' دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

رسالہ' کتب' منازل قمر' قمر بروج میں' عملیات کے اوقات اور بہت کچھ اب آپ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں

www.ruhanidunya.com

خلوت غار حرا

وہ شرار زندگی جو جنت سے زمین پر اترا' وہ چراغ جو اندھیرے سمندر میں سفینہ نوحؑ کو روشن کر رہا تھا' وہ روشنی جسے ابراہیمؑ شہرار سے لے کر چلے تھے اور جو کبھی دیدہ یعقوبؑ میں نور بن کر آئی تھی اور پھر کبھی روزن زنداں سے یوسفؑ کنعاں تک پہنچی تھی جو فرعون کے دربار میں موسیٰؑ کے روشن ہاتھ پر جلوہ فگن ہوئی تھی اور جس سے سلیمانؑ اعظم نے اپنے ہیکل کو منور کیا تھا اور جو صدیوں تک یروشلم کے میناروں پر فروزاں رہی اور پھر جب یروشلم اس روشنی سے محروم ہوگیا تو عیسیٰؑ ابن مریم مسیح ناصری اس چراغ ہدایت کو تھامے ہوئے پہاڑی پر چڑھے اور انہوں نے اپنے حواریوں کو خوش خبری سنائی۔

اندھیری دنیا کا چراغ روشن ہو کر رہے گا۔ تب سارے چہرے پہچان لئے جائیں گے کہ کون خداوند خدا کی بادشاہت کا طلبگار ہے اور کون روشنی سے منہ پھیر کر الٹے قدم بھٹکنے والا گمنگار ہے!

اف یہ بھیانک کائی

دنیا کے قدیم' مقدس ترین شہر میں زندگی بہت فرسودہ اور زنگ آلود ہوگئی تھی۔ موت کی طرح دھند لاگئی تھی۔ ذہنوں میں صدیوں کا جمود اور برسوں کا تعطل کائی کی طرح جم گیا تھا۔ یہ کائی بہت پرانی' تہہ بہ تہہ تھی۔ اس پر کاہنوں کے بے ربط مگر ہول انگیز بول ثبت تھے' مقدس مزامیر میں پڑھی جانے والی ناقابل فہم روایات جذب تھیں۔ یہ تہہ بہ تہہ کائی! ذہن پر' خیال پر' علم پر' انسان کے اندر' انسان کے باہر' سب جگہ اس کائی نے قبضہ جما رکھا ہے۔ اس سے کیسے چھٹکارا ملے؟

کیسے ہیں یہ لوگ

یہ لوگ جو حرم کے گرد چکر لگاتے ہیں جو بازاروں میں لین دین کرتے ہیں' جو سامان تجارت سے لدے ہوئے اونٹ لے کر صحرا کا دل چیرتے' کبھی مدائن کی طرف نکل جاتے ہیں' جو عکاظ کے میلے میں سڑی ہوئی کھجوروں کی شراب پیتے اور پانسے پھینک کر جوا کھیلتے اور اپنے روایتی آہنگ میں شعر کا جواب شعر سے دیتے اور بات بات پر تلواریں چمکاتے نظر آتے ہیں' جو سنگ دلی سے اپنی نومولود بیٹیوں کا گلا گھونٹ کر زمین میں دبا دیتے ہیں' جو بے جان پتھروں کے سامنے پیشانی جھکائے گڑگڑاتے ہیں جو اپنے غلاموں سے وحشیانہ سلوک کرتے ہیں' جو لین دین میں دھوکہ اور فریب کو ہنر جانتے ہیں' جن کو بوڑھے حریص اور دقیانوسی توہمات میں مبتلا ہیں' جن کے نوجوان لہو ولعب میں اور اوچھے مشغلوں میں منہمک ہیں۔ یہ غصے کے' نفرت کے حسد کے بھوت! ارے یہ لوگ محبت سے کتنی دور چلے گئے ہیں! انہیں کون واپس لائے؟

اندھیرا' ہولناک اندھیرا

یہ کیسا اندھیرا ہے؟

علم کی گپھاؤں میں بڑا ہولناک اندھیرا ہے۔ فکر وخیال کی دنیا حرکت وتموج سے محروم ہے۔ تحقیق کی راہیں تاریک پڑی ہیں۔ تلاش کرنے والے صدیوں پہلے نہ جانے کب آئے تھے اور اب' قرن ہا قرن سے منزلیں گوش برآواز' آنے والے قدموں کی راہ تک رہی ہیں! کوئی ہلکی سی چاپ؟ کسی دامن گزراں کی سرسراہٹ؟ کسی عطر سامان نورد کی مہک؟

اور یہ آوازیں

یہ کیسی آوازیں ہیں؟

اس تاریک خلا میں مختلف سمتوں سے آتی ہوئی' یہ پراسرار آوازیں! کاہنوں کے بے ربط مگر ہول انگیز بول' ناقابل فہم پیچ در پیچ روایتوں کے تذکرے! چیختے چلاتے توہمات! بھنبھناتے ہوئے سحر!

اندھیرا پراسرار تھا اس کا بولتا ہوا سکوت پر اسرار تھا اس پردۂ سکوت میں دور سے آتی ہوئی آوازیں' صدیوں کی سرگوشیاں! آپس میں ٹکرا رہی تھیں۔ قیاس وگماں حقیقت و یقیں سے الجھے ہوئے تھے۔ یوں ابراہیم نے بیت اللہ کی بنیادیں رکھی تھیں۔ موسیٰ بنی اسرائیل کو سمندر کا دل چیر کر اپنے ساتھ لائے تھے۔ عیسیٰ نے آسمانی رحمتوں کی بشارت سنائی تھی۔

یہ اللہ کے فرستادہ مقدس بندے تھے۔

نہیں نہیں' یہ اللہ کے اوتار تھے!

یہ اللہ کے بیٹے تھے!

یہ جز بھی تھے کل بھی! ارے یہ تو خود خدا تھے!!

تجلی! وہ تجلی کہاں ہے؟

اندھیرے سکوت سے بلند ہوتی ہوئی مدھم پڑتی ہوئی یہ آوازیں کتنی متضاد' پرسرار اور کتنی پریشان کن تھیں! مگر آہ! حقیقت کیا ہے؟ حقیقت کہاں ہے؟ تجلی! وہ تجلی کہاں ہے؟ کہاں؟ کیوں؟ کیسے؟ کس کے ذریعہ؟

ام القریٰ سے چھ میل کے فاصلہ پر حرم کی سنگین خاموشی میں یہ سوال بڑی اہمیت اختیار کر گیا تھا۔ آنکھیں نیم وا تھیں۔ لب بند تھے۔ روح بے قرار تھی' بے چین ومضطرب تھی' سراپا سوال تھی اور سراپا مجسم روح تھا ایک خاموش مگر بولتا ہوا سوال! ایک بولتی ہوئی مگر خاموش روح!

تجلی! وہ تجلی کہاں ہے؟؟

حرا کی خنک خاموشی میں انتظار کتنا بھاری اور بوجھل ہوگیا تھا!

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات' اسماء' موکلات' دعوات	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح' علم تکسیر' علم الاعداد	قیمت ؛ ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی' اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ؛ ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ؛ ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال' اسماء' عزیمتیں' طلسم	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر' شرفات کواکب' اسمائے الٰہی' جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ؛ ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات' نظریات نام کے اعداد سے قسمت' غیبی نمبر	قیمت ؛ ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ؛ ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات' برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ؛ ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ؛ ۱۸۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ؛ ۱۵۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ؛ ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات' مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ؛ ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ' کردار' شادی' روپیہ' تعلیم' پیشہ	قیمت ؛ ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ؛ ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ؛ ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولیٰ کی تاریخ	قیمت ؛ ۱۵۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش' تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ؛ ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ؛ ۱۸۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ؛ ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں' ہر شخص کے حالات' گرہن' سفر' سعد و نحس اوقات' کلینڈر	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری' قمر سے متعلقہ کام' نظرات' ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت ؛ ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہر و گاؤں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ؛ ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں' گرہن' رجعت و استقامت' اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ؛ ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات' نظرات' ستاروں کی رفتاریں' گرہن' منازل قمر' کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ؛ ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ؛ ۱۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاش البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ؛ ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا' پی آئی بی کالونی' کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا


برنی اٹلس آف پاکستان
پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروگاؤں کے نام
شہر کا طول بلد اور عرض بلد
ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
منطقہ وقت
گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں
دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق
PUNJAB
BALOCHISTAN
تحریر و ترتیب: حارث عثمانی
اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

پتھروں کا سحر
آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے
درجہ اول درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی
پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2018 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۱۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2018 حاصل کریں یا قریبی بک سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰